اس کتاب کا مالک پیر محمد اشرف جماعت چہارم

نیا حساب

حصہ دوم

چوتھی جماعت کیلئے

قیمت فی جلد سوا دس آنے

رول نمبر 27

نام ... محمد اشرف ... Mohd Ashraf

جماعت ... چہارم ... 4th

مدرسے کا پتہ ... گورنمنٹ مڈل سکول نو پنڈ

گھر کا پتہ ... کلال دوری ... پاکستان ... تاکو دبل

عمر ... 9 ... سال

قد ... ۳ فٹ ۱۰ انچ

وزن ... ۲۰ سیر

تاریخ ... 18-3-2000 ... 26-2-07

(پریم پرنٹنگ پریس جموں)

میں چھپا

فہرست مضامین

انگریزی ہندسے

گنتی ــــ (کروڑ تک)

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ایک	دو	تین	چار	پانچ	چھ	سات	آٹھ	نو	دس
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10

مشق نمبر ۱

(۱) اِن اعداد کو پڑھیے :-

10 ، 20 ، 30 ، 50 ، 80 ، 100 ، 400

15 ، 19 ، 26 ، 37 ، 58 ، 92 ، 84

146 ، 347 ، 561 ، 692 ، 320 ، 408 ، 793

1000 ، 4587 ، 6390 ، 9050 ، 13579 ، 5098

(برائے استاد)

ایک سے دس تک انگریزی ہندسوں کی پہچان دلانے کے بعد بچوں کو ۱۰۰ تک گنتی لکھنے کی مشق کرائی جائے۔ چونکہ انگریزی ہندسوں اور دیسی ہندسوں کی ترتیب ایک جیسی ہے اس لیے انگریزی طریقے سے گنتی لکھنے میں بچوں کو دقت نہ ہوگی ؎

(2) انگریزی ہندسوں میں لکھئے؟

آٹھ۔ سولہ۔ اُنیس۔ چھتالیس۔ پچپن۔ باسٹھ۔ اُناسی۔ چھیانوے
ایک سو اٹھائیس۔ ایک سو پچانوے۔ دو سو پچیس۔ چھ سو نو۔
نو سو اکتیس۔ چار ہزار تین سو دو۔ سات ہزار نو سو باون۔ بائیس
ہزار نو سو ایک۔ چھبیس ہزار تین سو سات۔ پچاسی ہزار سات
سو اسی۔ چالیس ہزار نو سو بیاسی۔

تیسری جماعت میں آپ پڑھ چکے ہیں۔ کہ

۱۰ اکائی کی ایک دہائی ہوتی ہے

۱۰ دہائی کا ایک سینکڑہ

۱۰ سینکڑے کا ایک ہزار

اور ۱۰ ہزار کا ایک دس ہزار

اب اگر ہم دس دس ہزار روپیوں کی دس تھیلیاں لیں۔
تو ایک لاکھ روپیہ بن جاتا ہے۔ اگر ایک ایک ہزار کی سو
تھیلیاں لیں۔ تو بھی ایک لاکھ روپیہ بن جاتا ہے ایسے ہی
اگر لاکھ لاکھ روپے کے دس صندوق لیں۔ تو دس لاکھ روپیہ بن

جاتا ہے۔ اور اگر دس دس لاکھ کے دس صندوق لیں تو ایک کروڑ روپیہ بن جاتا ہے۔ یا اگر ایک لاکھ کے سو صندوق لیں تو بھی ایک کروڑ روپیہ بن جاتا ہے۔ پس یاد رکھیئے :-

دس دس ہزار یا ۱۰۰ ہزار کا ...... ایک لاکھ
۱۰ لاکھ کا .... ایک دس لاکھ
دس دس لاکھ یا ۱۰۰ لاکھ کا ... ایک کروڑ

(3) اِن عددوں کو پڑھیئے :-

دس کروڑ	کروڑ	دس لاکھ	لاکھ	دس ہزار	ہزار	سینکڑہ	دہائی	اکائی
.	.	.	.	.	.	.	.	.
			1	0	0	0	0	0
			4	0	0	0	0	5
			6	0	0	0	2	7
			8	0	0	6	3	8
		2	3	0	4	5	6	3
		3	5	8	2	4	3	8
		4	4	6	4	1	3	0

. . . .

2 5 6 4 7 8 0 9

4 2 0 3 8 9 1 3

6 0 8 3 6 2 0 6

2 1 9 0 8 0 0 1

2 4 3 5 6 0 7 8 0

5 0 4 0 7 2 0 0 9

3 8 0 5 0 0 0 1 8

(5) انگریزی ہندسوں میں لکھئے :-

چار لاکھ چھتالیس ہزار نو سو بائیس - سینتیس لاکھ سات ہزار چھپن - چار کروڑ بیالیس لاکھ چھ ہزار چھ - بیاسی لاکھ اٹھتالیس ہزار تین سو اُناسی -

مشق نمبر ۲

اعادہ

(۱) ہماری ریاست میں جو لڑکے سکولوں اور کالجوں میں پڑھتے ہیں اُنکی تعداد یہ ہے

پرائمری سکولوں میں ——— 60458 لڑکے

مڈل سکولوں میں ——— 23347 "

ہائی سکولوں میں ——— 18045 "

مکتبوں اور پاٹھ شالاؤں میں 34088 "

کالجوں میں ——— 2517 "

بتائیے کُل کتنے لڑکے پڑھتے ہیں؟

(2) ایک سال ہماری ریاست کی آمدنی یہ ہوئی:-

زمین کا مالیہ ——— 77،30،000 روپے

جنگلات ——— 102،14،800 روپے

کسٹم ——— 82،81،400 روپے

تجارتی محکمے ——— 36،71،600 روپے

دوسرے ذریعوں سے ——— 87،67،200 روپے

بتلائیے۔ اُس سال ریاست کی کُل آمدنی کتنی ہوئی؟

---

(3) ہماری ریاستی سکولوں میں لڑکیوں کی تعداد یہ ہے:-

پرائمری سکولوں میں ——— 10485 لڑکیاں

مڈل سکولوں میں ——— 6254 "

ہائی سکولوں میں ——— 1009 "

کالجوں میں ——— 218 "

لڑکیوں کی کُل تعداد بتائیے؟

(4) زمینداری کا خاتمہ کرنے کیلئے ریاست جموں کشمیر کی حکومت نے پہلے تمام جاگیریں واپس لیں۔ اور پھر مقرریوں کا طریقہ بند کیا۔ ایسا کرنے سے ہمارے سرکاری خزانہ میں یہ اضافہ ہوا۔

واپس شدہ جاگیروں کی کُل رقم ——— 124915 روپے

مقرریات کے نقد عطیات جو بند کئے گئے۔ 170921 "

بتائیے۔ سرکاری خزانے میں اس طرح کُل کتنا اضافہ ہوا؟

(5) فرض کرو یہ چیزیں کشمیر سے باہر بھیجی گئیں:۔

دالیں ——— 4584 من

گھی ——— 113 "

آلو ——— 8175 "

سبزی ——— 2940 "

بتائیے کُل کتنا مال کشمیر سے باہر گیا؟

(6) اگر یہ چیزیں کشمیر میں باہر سے آئیں:-

سوت اور سوتی کپڑے	ــــــ	122000 من
کھانڈ	ــــــ	381000 "
نمک	ــــــ	637000 "
چائے	ــــــ	43000 "

تو اِن چیزوں کی کُل مقدار بتائیے؟

(7) جموں شہر کی میونسپل کمیٹی کی سالانہ آمدنی 263407 روپے ہے اور خرچ 129610 روپے۔ تو بتائیے کمیٹی کو سالانہ کتنے روپے کی بچت ہوتی ہے؟

(8) سری نگر کی مردم شماری کی گئی تو معلوم ہوا کہ وہاں 112460 مرد اور 95327 عورتیں ہیں۔ بتائیے مرد عورتوں سے کتنے زیادہ ہیں۔ اور یہ بھی بتائیے کہ سرینگر کی کُل آبادی کیا ہے؟

جمع کیجیے۔

(9)
24608
5834
912
88207
760084

(10)
32406083
5818905
40867
82106543

تفریق کیجیے۔

(11)
4370261
3251384

(12)
1111111
222222

ضرب دیجیے۔

(13)
5460984
38

(14)
6387052
127

(15)
37896
207

(16)
50432
1506

(17)
30507
3096

تقسیم کیجیے اور باقی بھی نکالیے۔

(18) 2735409 کو 16 پر

(19) 4165091 کو 78 پر

(20) 37064003 کو 600 پر

(21) 40231609 کو 734 پر

(22) 89016503 کو 2345 پر

(23) اگر ہماری حکومت محکمہ تعلیم پر ایک سال میں 2874204 روپے خرچ کرتی ہو تو بتائیے ایک مہینے میں کتنا خرچ آتا ہوگا؟ (سال = 12 مہینے)

(24) شفاخانوں کے محکمے پر سالانہ خرچ 1162525 روپے ہے۔ بتائیے اس محکمے پر ایک دن کا کیا خرچ آتا ہے (سال = 365 دن)

(25) پنچایت اور گرام سدھار کے محکموں پر ایک سال کا خرچ 350400 روپے آتا ہے۔ ایک دن کا خرچ معلوم کیجیے۔

وزن کے پیمانے (دیسی)

قیمتی چیزیں تولنے کے لئے

8 رتی کا	=	ایک ماشہ
12 ماشے کا	=	ایک تولہ
5 تولے کی	=	ایک چھٹانک

بھاری چیزیں تولنے کیلئے

2 سیر کی ایک وٹی یا دوسیری		
5 سیر کی	=	ایک پنسیری
10 سیر کی	=	ایک دھڑی یا دسیری
40 سیر کا	=	ایک من

عام ترازو پر تولنے کے لئے

دو چھٹانک کا	=	آدھ پاؤ
4 چھٹانک کا	=	ایک پاؤ
2 پاؤ کا	=	آدھ سیر

خاص کشمیر کے لئے

5 سیر 3 چھٹانک کا	=	ایک ترک
16 ترک یا 83 سیر کا	=	ایک خروار

وزن کے پیمانے دو طرح کے ہوتے ہیں۔ پکے پیمانے اور کچے پیمانے عموماً شہروں اور قصبوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ یہ پیمانے دھات کے بنے ہوتے ہیں۔ ان پر وزن کی مقدار لکھی ہوتی ہے۔ کچے پیمانے عموماً دیہاتوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ اور پتھر کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔

اُوپر دیئے ہوئے سب پیمانے سوائے ترک اور خروار کے پکے ہیں۔ ترک کے بدلے ایک گول پتھر (5 سیر 3 چھٹانک وزن کا) پیمانے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن خروار کے بدلے صرف ایک پتھر استعمال نہیں ہوتا۔ بلکہ چھوٹے پتھر یا لکڑی کے بڑے بڑے کُندے جمع کر کے خروار کا پیمانہ بنایا جاتا ہے۔ یا خروار کے بدلے 16 ترک تولے جاتے ہیں۔

مثال نمبر ۱۔ 5 من ۱۱ سیر ۱۰ چھٹانک کی چھٹانکیں بنائیے۔

حل۔

چھٹانگ	سیر	من
۱۰	۱۱	5

40 سے ضرب دی
200 سیر بن گئے
11 سیر جمع کئے
211 سیر بن گئے
16 سے ضرب دی
3376 چھٹانک بن گئے
10 چھٹانک جمع کئے
3386 چھٹانک بن گئے

اس لئے جواب = 3386 چھٹانک

مثال نمبر 2۔ 17 من 9 چھٹانک 5 ماشوں کے ماشے بنایئے

حل۔ ماشے ۔ تولے ۔ چھٹانک ۔ سیر ۔ من

5 — ۰ — 9 — ۰ — 17

40 سے ضرب دی

680 سیر بنے

16 سے ضرب دی

10880 چھٹانک بنے

9 " جمع کیئے

10889 " بنے

5 سے ضرب دی

54445 تولے بنے

12 سے ضرب دی

653340 ماشے بنے

5 " جمع کیئے

653345 ماشے بنے

اس لئے جواب = 653345 ماشے

مثال نمبر ج ۔ 4531 تولوں کے من سیر وغیرہ بنایئے ۔

4531 (906 سے تقسیم کیا (5 تولے

45 چھٹانک بنے

31

30

1 تولہ بچا

906 (56 سے تقسیم کیا (16 چھٹانک

80 سیر بنے

106

96

10 چھٹانکیں بچیں

56 (1 من سیر سے (40

40

6 سیر بچے

پس 4531 تولے 1 من ۔ 16 سیر 10 چھٹانک 1 تولے کے ۔

مختصر طریقہ:۔

5 سے تقسیم کیا | 4531 تولے
16 ″ ″ | 906 چھٹانک ——— 1 تولہ باقی
40 ″ ″ | 56 سیر ——— 10 چھٹانک باقی
1 من ——— 16 سیر باقی

اسلئے جواب = 1 من 16 سیر 10 چھٹانک 1 تولہ

مشق نمبر 3
(زبانی)

(1) بتائیے ایک سیر کھانڈ کی چھٹانک چھٹانک وزن کی کتنی پڑیاں بن سکتی ہیں؟

(2) ایک پاؤ میں کتنے تولے ہوتے ہیں؟

(3) ایک روپے کا وزن ایک تولہ ہو تو 80 روپے کا وزن کتنی چھٹانکیں ہوگا؟

(4) ایک گھوڑا روزانہ 5 سیر دانہ کھاتا ہے تو ایک من دانہ کتنے دنوں میں کھائے گا؟

(5) بنولوں کی ایک وڑی ہے ایک ایک چھٹانک کی کتنی ڈھیریاں بن سکتی ہیں؟

ہدایت مدرس: بچوں سے عملی طور پر چند روزمرہ استعمال کی چیزوں کے وزن کا اندازہ کرائے اور پھر ترازو کے ذریعہ ان چیزوں کو تول کر بچوں کے اندازہ کی پڑتال کر دے۔

(6) کتنے تولے کا ایک سیر؟ دیسی تیل ایک پیسے تولہ بکتا ہو۔ تو ایک سیر کتنے میں آئیگا

(7) بتائیے ایک من چاول میں کتنی وٹیاں چاول ہوگا؟

(8) ایک وٹی میں کتنی چھٹانکیں ہونگی؟

(9) ایک خروار میں کتنے ترک ہوتے ہیں۔ اور تین خروار میں کتنے؟

(10) ایک تولہ کیسر ایک روپیہ میں ملتا ہو۔ تو ایک چھٹانک کتنے میں؟

(11) پالک کا ساگ 6 آنے وٹی ہو۔ تو پاؤ کتنے میں؟

(12) آلو کا بھاؤ ۱۰ روپے من ہو۔ تو سیر بھر آلو کتنے میں۔ پاؤ بھر کتنے میں؟

تحویل

مشق نمبر 4

(1) سیر بنائیے:-

3 من - 8 من - 12 من

(2) پاؤ بنائیے:-

12 سیر - 27 سیر - 39 سیر کے

(3) تولے بنائیے:-

5 چھٹانک ، 9 چھٹانک ، 14 چھٹانک۔

(4) ماشے بنائیے:۔

7 تولے ، 11 تولے ، 19 تولے

(5) رتیاں بنائیے:۔

7 ماشے ، 9 ماشے ، 15 ماشے کی

(6) بتائیے 2 تولے 8 ماشے میں کتنی رتیاں ہوتی ہیں؟

(7) 7 تولے 9 ماشے 6 رتی کی رتیاں بنائیے؟

(8) 11 تولے 5 ماشے میں کتنے ماشے ہوتے ہیں؟

(9) 9 چھٹانک 3 تولے 7 ماشے کے ماشے بنائیے؟

(10) 13 چھٹانک 2 تولے 11 ماشے کے ماشے بنائیے؟

(11) 14 چھٹانک 4 تولے کے تولے بنائیے؟

(12) 3 سیر 9 چھٹانک 3 تولے کے تولے بنائیے؟

چھٹانک بنائیے:۔

(13) 16 سیر 8 چھٹانک کے

(14) 35 " 9 " کے

(15) 5 خروار 12 نترک میں کتنے نترک ہونگے؟

(16) 13 خروار 7 نترک میں کتنے نترک ہونگے؟

(17) 30 خروار 9 نترک میں کتنے نترک ہونگے؟

(18) 2 من 9 سیر 3 چھٹانک 2 تولے میں کتنے تولے ہوتے ہیں؟

(19) ایک شرنارتھی آشرم میں 37 سیر 12 چھٹانک چاول بانٹے گئے۔ اگر ایک ایک شرنارتھی کو پاؤ بھر چاول ملے ہوں۔ تو کل شرنارتھیوں کی تعداد بتائیے؟

(20) ملائی کی قلفی ایک پیسے تولہ بکتی ہے۔ ایک سیر کی قیمت معلوم کیجئے

(21) دہی کا بھاؤ ٹکہ فی چھٹانک ہو۔ تو بتائیے 2 من 7 سیر 11 چھٹانک دہی کتنے میں ملے گا؟

(22) بتائیے 3 من 31 سیر لوہے کے آدھ آدھ سیر والے کتنے باٹ بن سکتے ہیں؟

(23) ایک روٹی کا وزن 2 چھٹانک ہے۔ 37 سیر میں کتنی روٹیاں بنینگی؟

(24) حبیب اللہ کے راشن ٹکٹ میں 15 نفر درج ہیں۔ اگر شامل

فی نفر 4 ترک ماہوار ملتی ہو۔ تو بتائیے اس ٹکٹ پر کتنے خروار شالی ماہوار آتی ہوگی؟

مشق نمبر 5 (زبانی)

(1) 32 چھٹانک کے کتنے سیر ہوتے ہیں؟ 48 کے کتنے اور 144 کے کتنے؟

(2) 40 سیر کے کتنے من ہوتے ہیں۔ اور 80 سیر کے کتنے؟

(3) کتنی چھٹانکیں ہوتی ہیں؟

15 تولے، 35 تولے، 50 اور 75 تولے میں؟

(4) تولے بتائیے:-

24 ماشے، 36 ماشے اور 60 ماشے کے

(5) ماشے بتائیے:-

32 رتیوں، 48 رتیوں اور 80 رتیوں کے

(6) 120 ماشوں کے کتنے تولے؟ آپ بتائیے 120 تولوں کی کتنی چھٹانکیں ہونگی؟

(7) 32 سیر میں کتنی وٹیاں ہوتی ہیں؟

(8) اگر ہر انسان کو چار ترک شالی ماہوار ملتی ہو۔ تو بتائیے جس کُنبے کو ۲ خروار 8 ترک شالی ملتی ہو اُس میں کتنے نفر ہونگے

(9) اگر آپ کو ڈیپو سے فی نفر ایک پاؤ نمک ماہوار ملتا ہو۔ اور آپ کل ۱۱ سیر ۱ پاؤ نمک حاصل کرتے ہوں۔ تو اپنی تعداد بتائیے

(10) ایک گھوڑا ہر روز 4 سیر دانہ کھاتا ہے۔ 80 دنوں میں کتنے من کھائیگا؟

مشق نمبر 6

(1) 39 رتی سونے میں کُل کتنے ماشے اور رتیاں سونا ہوگا؟

(2) 93 رتیوں میں " " " " "؟

(3) 135 رتی چاندی میں کتنے ماشے اور رتی چاندی ہوگی؟

(4) 213 رتیوں کے تولے ماشے وغیرہ بتائیے

(5) 313 " " " " "

(6) 1835 رتیوں کے چھٹانکیں تولے وغیرہ بتائیے؟

(7) 2037 رتیوں کی چھٹانکیں تولے وغیرہ بنائیے۔

(8) 907 رتیوں کے پاؤ چھٹانک وغیرہ بنائیے۔

(9) 1472 تولوں کے سیر چھٹانک وغیرہ بنائیے۔

(10) 2056 تولوں کے سیر چھٹانک وغیرہ بنائیے۔

(11) 3104 ماشوں کے " " "

(12) 3469 چھٹانک کے من سیر وغیرہ بنائیے۔

(13) 5012 " " " " "

(14) 82037 ماشوں کے من سیر وغیرہ بنائیے۔

(15) بوٹا رام کے ہاں 8 سیر چاول روز خرچ ہوتے ہیں۔ اُس کے پاس 15 من 24 سیر چاول موجود تھے۔ بتائیے اِن چاولوں پر بوٹا رام کا کتنے دِن گذارہ ہو گا؟

(16) بھوسے کا بھاؤ ایک آنہ فی سیر ہے۔ بتائیے 34 روپے 2 آنے میں کتنا بھوسا آئے گا؟

(17) ایک برات کے موقعے پر 365 روپے کی مٹھائی بانٹی گئی اگر ہر ایک براتی کو آدھ سیر مٹھائی ملی ہو۔ اور مٹھائی

کا بھاؤ ۲ روپیہ فی سیر ہو تو بتائیے ہر ایک براتی کو کتنے
کی مٹھائی ملی۔ اور کُل کتنے براتی تھے؟

مشق نمبر 7

(۱) ایک بوری میں ۱ من 36 سیر آٹا ہے۔ اور دوسری میں ۲ من 27 سیر۔ بتائیے دونوں بوریوں میں کُل کتنا آٹا ہے؟

(۲) منشی رام بنئے نے یہ چیزیں بیچیں:۔
آٹا = 6 من 16 سیر، چاول = 7 من 32 سیر، گھی = 15 سیر
بتائیے۔ اُس نے کُل کتنا مال بیچا؟

(3) ایک زیور کا وزن 4 تولے 8 ماشے ہے۔ دوسرے کا 3 تولے 9 ماشے۔ دونوں کا کُل وزن کیا ہوگا؟

جمع کیجیئے:۔

(4) چھٹانک - سیر - من

گھاس	2 - 13 - 9
"	1 - 37 - 11
"	3 - 9 - 0

(5) چھٹانک - سیر - من

آٹا	4 - 23 - 10
"	4 - 9 - 13
"	7 - 36 - 5

(6)

	ترک	خروار	
چاول	12	14	
"	5	9	
"	11	8	

(7)

	تولے	چھٹانک	سیر
سوت	3	12	9
"	4	7	3
"	2	11	8

(8)

	ماشے	تولے	چھٹانک
ریشم	9	4	5
"	10	2	3
"	6	1	7

(9)

	رتی	ماشے	تولے
سونا	5	9	3
"	6	7	2
"	3	10	5

مشق نمبر 8

تفریق کیجیے:-

(1)

چھٹانک	سیر	من
8	25	14
12	18	9

(2)

چھٹانک	سیر	من
9	19	37
7	31	29

(3)

ترک	خروار
3	25
9	20

(4)

	چھٹانک	سیر	من
کپاس	0	0	17
بنولے	11	37	5
باقی کپاس			

(5)

	ترک	خروار
کل چاول	8	146
جتنا شرنارتھیوں کو بانٹا گیا	13	115
باقی چاول		

(6)

	تولے	چھٹانک	سیر
کل چاندی	3	9	3
جتنے کے زیورات بنائے	8	12	2
باقی چاندی			

(7)

	رتی	ماشے	تولے
کل کونین کا وزن	3	8	10
جتنے کی گولیاں بنوائیں	5	10	6
باقی کونین			

(8) ایک بوری میں 2 من 15 سیر آٹا تھا۔ اُس میں سے ایک من 32 سیر 3 چھٹانک آٹا نکالا گیا۔ بتائیے بوری میں باقی کتنا آٹا رہا؟

(9) ہمارے ہاں ایک کنستر میں 16 سیر 12 چھٹانک گھی تھا۔ اُس میں سے مہینہ بھر گھی استعمال کرنے کے بعد باقی 3 سیر 14 چھٹانک رہ گیا۔ بتائیے مہینہ میں کتنا گھی خرچ ہوا؟

(10) بتائیے ۹ من 33 سیر 13 چھٹانک کتنا کم ہے ۱۰ من سے؟

مشق نمبر ۹

(۱) ایک کمبل کا وزن 3 سیر 8 چھٹانک ہے۔ ایسے ۱۰ کمبلوں کا کیا وزن ہوگا؟

(2) ایک چھوٹے ٹین میں 4 سیر 6 چھٹانک مٹی کا تیل آتا ہے 25 ایسے ٹینوں میں کتنا تیل آئے گا؟

(3) ایک بوری میں 2 من 19 سیر گندم آتی ہے۔ 53 بوریوں میں کتنی گندم آئے گی؟

(4) ایک دکاندار نے 2 چھکڑے گھی کے خرید کئے۔ اگر ہر چھکڑے پر

12 کنستر گھی کے ہوں۔ اور ہر کنستر میں 18 سیر 8 چھٹانک گھی ہو۔ تو بتائیے اُس دُکاندار نے کُل کتنا گھی خریدا ہے؟

(5) ایک کافور کی ٹکیہ کا وزن 3 ماشے 6 رتی ہے۔ بتائیے 24 ٹکیہ کا کیا وزن ہوگا؟

(6) ایک گھنٹے میں ہر روز 2 ترک چاول خرچ ہوتا ہے۔ بتائیے 30 دن میں کتنے خروار چاول خرچ ہوگا؟

ضرب دیجئے :-

(7) 7 من 9 سیر 6 چھٹانک کو 15 سے۔

(8) 5 خروار 7 ترک کو 25 سے۔

(9) 7 ڈھڑی 1 سیر 8 چھٹانک کو 37 سے۔

(10) 9 چھٹانک 3 تولے 11 ماشے کو 29 سے۔

(11) 4 تولے 8 ماشے 7 رتی کو 42 سے۔

(12) ایک کنٹرول ڈپو پر 187 بوریاں گندم کی آئیں۔ اگر ہر بوری کا وزن 2 من 37 سیر 12 چھٹانک ہو۔ اور خالی بوری کا وزن ڈیڑھ سیر ہو تو بتائیے اُس ڈپو میں کتنے من گندم آئی؟

(13) اگر ایک کشتی پر 234 خروار 12 ترک شالی لادی جاتی ہو۔ تو 27 ایسی کشتیوں پر کتنے خروار شالی لادی جائے گی؟

مشق نمبر ۱۵

(1) اگر 5 بوریوں میں 13 من 25 سیر نمک آتا ہو۔ تو ایک بوری میں کتنا نمک آئے گا؟

(2) 12 بوریوں میں 14 من 28 سیر کپاس آتی ہے۔ بتایئے ایک بوری میں کتنی کپاس آئیگی؟

(3) بتایئے ایک کنستر میں کتنے سیر گھی ہوگا۔ جبکہ 16 کنستروں میں 7 من 8 سیر گھی بھرا ہو؟

(4) سوت کے 28 بنڈلوں کا وزن 3 من 37 سیر 8 چھٹانک ہے ایک بنڈل کا وزن معلوم کیجیئے؟

تقسیم کیجیئے اور باقی بھی نکالیئے:۔

(5) 25 من 12 سیر 8 چھٹانک کو 12 پر

(6) 37 من 25 سیر 12 چھٹانک کو 21 پر

(7) 146 خروار 9 ترک کو 63 پر

(8) 613 خروار 2 ترک کو 109 پر

(9) 25 سیر 12 چھٹانک 4 تولے کو 24 پر

(10) 11 چھٹانک 4 تولے 8 ماشے کو 48 پر

(11) 25 تولے 9 ماشے 6 رتی کو 20 پر

(12) 24 سیر 12 چھٹانک 4 تولے 9 ماشے کو 16 پر

(13) بتائیے 9 تولے سونے سے 2 تولے 3 ماشے وزن کے کتنے کانٹے بن سکتے ہیں؟ (دونوں وزنوں کے ماشے بنا کر تقسیم کیجئے)

(14) ایک پیالی میں 3 چھٹانک 4 تولے دودھ آتا ہے۔ بتائیے اس پیالی سے 10 سیر 11 چھٹانک دودھ کتنی بار ماپا جا سکتا ہے

(15) سونے کا بھاؤ 96 روپے تولہ ہو تو بتائیے ایک رتی سونا کتنے میں اور 6 ماشے 4 رتی سونا کتنے میں آئے گا؟

(16) ہمارے شہر میں آزادی کا جشن منایا گیا۔ اور اس روز ہر لڑکے کو حکومت کی طرف سے پانچ پانچ لڈو ملے۔ لڈو چھٹانک چھٹانک بھر وزن کے تھے اگر کل 71 من 35 سیر وزن کے لڈو تقسیم ہوئے ہوں تو بتائیے کل کتنے لڑکوں میں لڈو بانٹے گئے؟

لمبائی ماپنے کے انگریزی پیمانے ؎۱

12 انچ کا ــــــ ایک فٹ
3 فٹ کا ــــــ ایک گز

220 گز کا ــــــ ایک فرلانگ
8 فرلانگ یا 1760 گز کا ــ ایک میل

مشق

(زبانی و عملی)

(۱) گِن کر بتائیے ایک فٹ میں کتنی انچیں ہوتی ہیں؟ 2 فٹ میں کتنی؟ اور 3 فٹ میں کتنی؟

(2) بتائیے ایک گز میں کتنے فٹ ہوتے ہیں۔ ایک گز میں کتنے انچ؟ اور 2 گز میں کتنے انچ؟

(3) 4 فٹ میں کتنے انچ ہوتے ہیں اور 7 فٹ میں کتنے؟

(4) ایک فٹ 6 انچ میں کتنے انچ اور ایک گز 2 فٹ میں کتنے فٹ ہوئے؟

؎۱ لڑکوں کو واضح کیا جائے کہ لمبائی ماپنے کے دیسی پیمانے جن سے وہ واقف ہیں عموماً کپڑا ماپنے کے کام آتے ہیں۔ لیکن اِن انگریزی پیمانوں سے ہر قسم کی لمبائی ماپی جاتی ہے۔
بچوں کو فٹ کا پیمانہ اور فیتہ مہیا کیا جائے اور انچ و فٹ کے نشانوں سے اچھی طرح واقفیت دلا کر مختلف قسم کی چیزوں کی لمبائی چوڑائی فٹوں اور انچوں میں عملی طور پر اُن سے بنوائی جائے

مثال نمبر ۱۔ 35 گز 2 فٹ 6 انچ کے انچ بنائیے۔

	گز	فٹ	انچ
	35	2	6
سے ضرب دی	3		
فٹ بنے	105		
فٹ جمع کیے	2		
کُل فٹ بنے	107		
سے ضرب دی	12		
انچ بنے	1284		
انچ جمع کیے	6		
کُل انچ بنے	1290		

اِسلئے 35 گز 2 فٹ 6 انچ برابر ہیں 1290 انچ کے ؀

مثال نمبر ۲۔ 4 فرلانگ 125 گز 2 فٹ کے فُٹ بنائیے۔

	فرلانگ	گز	فٹ
	4	125	2
سے ضرب دی	220		
گز بنے	880		
جمع کیے	125		
کُل گز بنے	1005		
سے ضرب دی	3		
فٹ بنے	3015		
فٹ جمع کیے	2		
کُل فٹ بنے	3017		

پس 4 فرلانگ 125 گز 2 فٹ برابر ہیں 3017 فٹ کے ؀

مثال نمبر 3۔ 2508 انچ کے گز بنائیے۔

12) 2508 (209 سے تقسیم کیا — فٹ بنے
24
108
108
×

3) 209 فٹ (69 سے تقسیم کیا — گز بنے
18
29
27
2 فٹ باقی

پس 2508 انچ کے 69 گز 2 فٹ بنے ٭

یا ایسے :-
12) 2508 انچ — سے تقسیم کیا
3) 209 فٹ — سے تقسیم کیا
69 گز — باقی 2 فٹ

اسلئے 2508 انچ = 69 گز 2 فٹ ٭

مثال نمبر 4۔ 8875 فٹ کے میل فرلانگ وغیرہ بنائیے۔

3) 8875 فٹ (2958 گز بنے
6
28
27
17
15
25
24
1 فٹ باقی

220) 2958 گز (13 فرلانگ
220
758
660
98 گز باقی

8) 13 فرلانگ (1 میل
8
5 فرلانگ

پس 8875 فٹ = 1 میل 5 فرلانگ 98 گز 1 فٹ کے ٭

مشق نمبر ۱۱

(۱) 2 فٹ 9 انچ کی انچیں بنائیے۔

(2) 4 گز 1 فٹ 6 انچ میں کتنی انچیں ہونگی؟

(3) 8 گز 2 فٹ 10 انچ میں کتنی انچیں ہونگی؟

(4) 27 گز 2 فٹ ـ 41 گز 1 فٹ کے فٹ بنائیے۔

(5) ایک فرلانگ میں کتنے فٹ ہوتے ہیں؟

(6) 7 فرلانگ 72 گز میں کتنے فٹ ہوتے ہیں؟

(7) 4 فرلانگ 125 گز 2 فٹ کے فٹ بنائیے۔

(8) 3 میل اور 5 میل 4 فرلانگ کے الگ الگ گز بنائیے

(9) 4 میل 5 فرلانگ 97 گز میں کتنے گز ہوں گے؟

(10) فٹ بنائیے۔ 183 انچ اور 135 انچ کے۔

(11) گز بنائیے۔ 32 فٹ اور 46 فٹ کے۔

(12) 528 انچ اور 1248 انچ کے گز بنائیے

(13) فرلانگ بنائیے۔ 440 گز ـ 600 گز اور 1235 گز کے۔

(14) میل بنائیے 2000 گز - 43756 گز کے۔

(15) 34507 فٹ کے میل گز وغیرہ بنائیے۔

(16) ایک کپڑے کا تھان 24 گز لمبا ہے۔ اس کی لمبائی انچوں میں معلوم کیجئے۔

(17) ہمارے سکول کا میدان ایک فرلانگ چوڑا اور ڈیڑھ فرلانگ لمبا ہے۔ اس کی لمبائی چوڑائی گزوں میں معلوم کیجئے

(18) 15 گز 2 فٹ 4 انچ لمبے بانس میں سے آٹھ آٹھ انچ لمبے کتنے ٹکڑے کاٹے جا سکتے ہیں؟

(19) ایک میل لمبی سڑک بنانے کیلئے کتنے مزدور درکار ہونگے اگر ایک مزدور کے ذمے 48 فٹ سڑک کا بنانا رکھا جائے۔

(20) اپنے کمرے کی لمبائی اور چوڑائی فیتہ سے ماپیئے۔ اور پھر بتائیے۔ یہ کمرہ کتنے انچ لمبا اور کتنے انچ چوڑا ہے؟

(21) اپنی کلاس کے بلیک بورڈ کی لمبائی اور چوڑائی فٹ کے پیمانے سے ماپ کر انچوں میں معلوم کیجئے؟

مشق نمبر 12

(1) ایک رسی 12 گز 2 لمبی ہے۔ اور دوسری 13 گز 2 فٹ دونو کی کل لمبائی کتنی ہوئی؟

(2) چار لڑکے میدان میں دوڑے۔ پہلا لڑکا 375 گز دوڑا۔ دوسرا 298 گز 2 فٹ۔ تیسرا 325 گز 1 فٹ 9 انچ اور چوتھا 318 گز 2 فٹ 10 انچ۔ بتائیے چاروں لڑکے کل کتنا دوڑے؟

جمع کیجئے:-

(3)

گز	فٹ	انچ
217	2	9
109	1	10
173	2	8

(4)

فرلانگ	گز	فٹ
4	155	2
3	173	1
7	217	2

(5)

میل	فرلانگ	گز
2	4	72
3	7	185
1	5	205

(6)

میل	گز	فٹ
2	700	2
1	1056	1
3	923	2

مشق نمبر 13

(۱) ایک رسی 27 گز 2 فٹ 6 انچ لمبی ہے۔ اگر اُس میں سے ۱۹ گز ۱ فٹ 7 انچ رسی کاٹ دی جائے۔ تو بتائیے کتنی رسی باقی رہ جائے گی؟

(2) ایک بانس 7 گز ۱ فٹ ۹ انچ لمبا ہے۔ اگر اُس میں سے 5 گز 2 فٹ ۱۰ انچ ٹکڑا کاٹ دیا جائے۔ تو بتائیے۔ بانس کا باقی حصہ کتنا لمبا ہوگا؟

(3) بشیر احمد بازار سے 20 گز کپڑا خرید لایا۔ اور اُس میں سے اُس نے ایک قمیض پر ڈھائی گز کپڑا۔ اور پاجامہ پر 2 گز خرچ کیا۔ بتائیے۔ اُس کے پاس کتنا کپڑا باقی بچ گیا؟

تفریق کیجئے:-

(4) انچ - فٹ - گز

32	2	7
23	1	10

(5) انچ - فٹ - گز

123	1	9
94	2	11

(6) فٹ - گز - فرلانگ

7	132	1
5	175	2

(7)

گز	بالشت	گرہ
32	1	2
24	2	3

(8)

گز	فٹ	انچ
235	0	7
135	1	9

مشق نمبر 14

(1) غلام قادر کا قدم 1 فٹ 3 انچ ہے۔ بتائیے وہ 15 قدم چلنے میں کتنا فاصلہ طے کرے گا؟

(2) ایک جیب کار ایک گھنٹے میں 30 میل 50 گز چلتی ہے۔ بتائیے 9 گھنٹوں میں وہ کتنا فاصلہ طے کرے گی؟

(3) ایک بانس 7 گز 2 فٹ 9 انچ لمبا ہے ایسے 16 بانسوں کی لمبائی معلوم کیجیے؟

ضرب دیجیے:۔

(4) 13 گز 2 فٹ کو 7 سے۔

(5) 25 گز 2 فٹ 9 انچ کو 15 سے۔

(6) 36 گز 1 فٹ 10 انچ کو 32 سے۔

(7) 83 گز 2 بالشت 3 گرہ کو 24 سے۔

(8) 3 فرلانگ 107 گز 2 فٹ کو 62 سے۔

(9) 2 میل 5 فرلانگ 85 گز 1 فٹ کو 54 سے۔

مشق نمبر 15

(1) ایک بانس 16 گز ایک فٹ لمبا ہے۔ بتایئے سات سات فٹ لمبے کتنے ٹکڑے اس بانس میں سے کاٹے جا سکتے ہیں؟

(2) ایک سائیکل سوار نے 5 گھنٹوں میں 36 میل 225 گز کا فاصلہ طے کیا۔ بتایئے۔ اس کی رفتار فی گھنٹہ کیا رہی؟

(3) ایک کھدر کا تھان 24 گز 12 گرہ لمبا ہے۔ بتایئے اس میں سے کتنی قمیضیں بن سکتی ہیں جبکہ ہر ایک قمیض پر 2 گز 12 گرہ کھدر لگتا ہو؟

(4) بتایئے 6 گز 2 فٹ میں 1 گز 2 فٹ کے بار شامل ہیں؟

تقسیم کیجئے:۔

(5) 22 گز 2 فٹ 15 انچ کو 15 پر۔

(6) 60 گز 1 فٹ 19 انچ کو 24 پر۔

(7) 5 فرلانگ 212 گز 2 فٹ کو 125 گز 2 فٹ پر۔


وقت کے پیمانے طا

It is the watch

This is the Colock



گھڑی



ٹائم پیس

These are the numbers

I	II	III	IV	V	VI	VII	VIII	IX	X	XI	XII
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12

طا (۱) مدرس بچوں سے سکول کے کلاک یا ٹائم پیس اور اپنی گھڑی کا مشاہدہ کرائے اور ان کو سیکنڈ منٹ اور گھنٹے والی سوئیوں اور ان کی رفتار سے اچھی طرح واقفیت دلائے۔ ڈاکٹروں کا بیمار کے نبض کی رفتار جانچنے کے لئے گھڑی ہاتھ میں رکھکر دل کی دھڑکن گننے کا حال ایک کہانی کی صورت میں لڑکوں کو پیش کیا جائے۔ اور ان میں سیکنڈوں اور منٹوں کی ضرورت کا احساس پیدا کیا جائے۔ اس کے بعد حسب ضرورت صبح شام۔ دن رات اور چاند کے گھٹنے بڑھنے اور موسموں کے تغیر و تبدل کے حالات دلچسپ طریقے سے بتا کر وقت کے پیمانے یاد کرائے جائیں۔ (2) رومن طریقے سے ایک سے بارہ تک گنتی کا پڑھنا اور لکھنا سکھانے کے لئے بھی یہی موزوں موقعہ ہے۔ اگر سکول کے ٹائم پیس پر رومن گنتی نہ لکھی ہو۔ تو ایسا ٹائم پیس کلاس میں مشاہدے کے لئے مہیا کیا جائے یا رومن گنتی والے ٹائم پیس کی تصویر بلیک بورڈ پر کھینچی جائے۔ (3) ٹائم پیس یا گھڑی کا مشاہدہ کرا کے بچوں کو ٹھیک وقت بتانے یا دئے ہوئے وقت پر گھڑی کی سوئیاں رکھنے میں کافی مشق کرائی جائے۔

وقت کے انگریزی پیمانے

60 سیکنڈ کا	ایک منٹ	7 دن کا	ایک ہفتہ
60 منٹ کا	ایک گھنٹہ	30 دن کا	ایک مہینہ [2]
24 گھنٹے کا	ایک دن [1]	12 مہینے یا 365 دن کا	ایک سال

مختلف مہینوں کے نام اور اُن کے دنوں کی تعداد [3]

(1) جنوری کے	31 دِن	(7) جولائی کے	31 دِن
(2) فروری کے	28 دِن	(8) اگست کے	31 دِن
(3) مارچ کے	31 دِن	(9) ستمبر کے	30 دِن
(4) اپریل کے	30 دِن	(10) اکتوبر کے	31 دِن
(5) مئی کے	31 دِن	(11) نومبر کے	30 دِن
(6) جون کے	30 دِن	(12) دسمبر کے	31 دِن

تیس دِن ستمبر کے —— اپریل جون نومبر کے
باقی سب کے ایک اوپر تیس —— فروری کے اٹھائیس
لیپ کا سال مگر جب آئے —— فروری پھر ایک بڑھ جائے

---

[1] دِن سے مُراد دن رات ہے

[2] سہولت کے لیے ایک مہینہ 30 دن کا اور ایک سال 52 ہفتے کا شمار ہوتا ہے۔ لیکن اصل میں مختلف مہینوں میں دنوں کی تعداد مختلف ہوتی ہے

[3] مختلف انگریزی مہینوں میں دنوں کی تعداد کو نظم کے ذریعہ یاد کروائی جائے یا بائیں ہاتھ کی مٹھی بند کر کے انگلیوں کے جوڑوں کے ذریعہ مختلف مہینوں کے دنوں کی تعداد کو یاد رکھنے کی مشق کرائی جائے۔

اگر اِن بارہ مہینوں کے دن جمع کریں 365 دِن بن جاتے ہیں
اسے معمولی سال کہتے ہیں ۔ ہر چار سال کے بعد فروری کا مہینہ
29 دن کا ہوتا ہے اور اس سال میں 365 کے بجائے 366
دن ہوتے ہیں ۔ ایسے سال کو لیپ کا سال کہتے ہیں ۔ لیپ کے سال
کی پہچان یہ ہے ۔ کہ اگر کسی سال کے سن کو 4 پر تقسیم کیا جائے تو پورا
تقسیم ہوتا ہے سنہ ۱۹۴۸ء لیپ کا سال ہے ۔ لیکن سنہ ۱۹۴۹ء معمولی
سال ۔ صدیوں کی حالت میں لیپ سال کی پہچان دوسرے
طریقے سے ہوتی ہے ۔ اگر کسی صدی کا سن 400 پر پورا تقسیم ہو
جائے ۔ تو وہ لیپ سال ہے ۔ ورنہ معمولی سال ۔ سنہ ۱۹۰۰ء
معمولی سال ہے لیکن سنہ ۱۶۰۰ء لیپ کا سال ہے ۔

ہفتہ کے دِنوں کے نام

سوموار ۔ منگوار ۔ بدھوار ۔ برہسپت وار یا جمعرات ۔ شکروار یا جمعہ
سنیچر وار یا ہفتہ ۔ ایت وار

دیسی مہینوں کے نام ؎

بیساکھ ۔ جیٹھ ۔ اساڑھ ۔ ساون ۔ بھادوں ۔ اسوج ۔ کاتک

؎ دیسی مہینوں کے دنوں کی تعداد مقرر نہیں لیکن بیساکھ کی پہلی تاریخ 12 یا 13 اپریل کو ہوتی ہے

مگھر ۔ پوہ ۔ ماگھ ۔ پھاگن ۔ چیت

قمری مہینوں کے نام [1]

محرم ۔ صفر ۔ ربیع الاوّل ۔ ربیع الثانی ۔ جمادی الاوّل ۔ جمادی الثانی رجب ۔ شعبان ۔ رمضان ۔ شوال ۔ ذی القعد ۔ ذی الحجہ ۔

مشق نمبر 16 (زبانی)

(۱) بتائیے ایک منٹ میں کتنے سیکنڈ ہوتے ہیں۔ ۲ منٹ میں کتنے؟

(2) ایک گھنٹے میں کتنے منٹ ہوتے ہیں؟ دو میں کتنے؟

(3) نو بجے دن سے بارہ بجے دن تک کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

(4) بارہ بجے دوپہر سے تین بجے شام تک کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

(5) ہمارا سکول دس بجے صبح کھلتا ہے۔ اور 4 بجے شام بند ہوتا ہے۔ بتائیے سکول کتنے گھنٹے کھلا رہتا ہے؟

---

[1] قمر کے معنی چاند کے ہیں۔ قمری مہینہ چاند کی پہلی تاریخ سے شروع ہوتا ہے چونکہ چاند بعض دفعہ 29 دن کے بعد دکھائی دیتا ہے اور بعض دفعہ 30 کے بعد۔ اسی لئے قمری مہینہ 29 یا 30 دن کا ہوتا ہے۔ قمری سال دیسی سال کے مقابلے میں دس یا گیارہ دن کم ہوتا ہے۔ قمری مہینوں کے دنوں کی تعداد بھی مقرر نہیں۔

(6) کرشن رات کو 10 بجے سوتا ہے اور صبح 6 بجے اُٹھتا ہے

بتائیے وہ کتنے گھنٹے سوتا ہے؟

(7) ہفتے کے دنوں کے نام لیجیے؟

(8) بتائیے ایک مہینے میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟

(9) دیسی مہینوں کے نام لیجیے؟

(10) قمری مہینوں کے نام لیجیے؟

(11) انگریزی مہینوں کے نام لیجیے؟

(12) مارچ سے اگست تک انگریزی مہینوں کے نام بتائیے؟


(13) پہلی جنوری سے 12 جنوری تک کتنے دن ہوتے ہیں؟

(14) ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟ 2 سال اور 4 ماہ میں

کتنے؟

(15) بتائیے جون میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ جولائی میں کتنے؟

اگست میں کتنے؟ اور نومبر میں کتنے؟



مثال نمبر ا۔ 3 دن 15 گھنٹے 31 منٹ کے منٹ بتلائیے؟

منٹ	گھنٹے	دن
31	15	3

24	سے ضرب دی
72	گھنٹے بنے
15	گھنٹے جمع کئے
87	کل گھنٹے بنے
60	سے ضرب دی
5220	منٹ بنے
31	منٹ جمع کئے
5251	کل منٹ بنے

پس 3 دن 15 گھنٹے 31 منٹ = 5251 منٹ کے

مثال نمبر 2۔ 15653 سیکنڈوں کے گھنٹے منٹ وغیرہ بنائیے۔

15653 سیکنڈ (60 سے تقسیم کیا

باقی 53 سیکنڈ ــ 260 منٹ (60 " "

باقی 20 منٹ ــ 4 گھنٹے

60) 15653 (260
120
365
360
باقی 53

60) 260 (4
240
باقی 20

اس لئے جواب :-

4 گھنٹے 20 منٹ 53 سیکنڈ ÷

مثال نمبر 3۔ 18 اپریل سے 23 اکتوبر تک کتنے دن ہوتے ہیں

اپریل	12 ط	دن
مئی	31	"
جون	30	"
جولائی	31	"
اگست	31	"
ستمبر	30	"
اکتوبر	23	"
کل جمع	188	دن

اسلئے جواب = 188 دن

مشق نمبر 17

(1) 6 منٹ 32 سیکنڈ میں کتنے سیکنڈ ہوتے ہیں؟

(2) 2 گھنٹے 45 منٹ 34 سیکنڈ کے سیکنڈ بنائیے؟

(3) 3 دن 6 گھنٹے 17 منٹ کے منٹ بنائیے؟

(4) 2 ہفتے 4 دن 15 گھنٹوں کے گھنٹے بنائیے؟

ط دراصل اپریل کے 18 دن گننے جانے چاہئیں۔ اور اکتوبر کے 22 دن لیکن اس درجہ کے بچوں کے لئے اپریل کے 12 دن گننا اور اکتوبر کے پورے 23 لینا آسان رہتا ہے۔ اسلئے اس طریق سے مثال حل کی گئی ہے۔

(5) 3 سال 8 ماہ کے مہینے بنائیے۔

(6) 2 سال 3 مہینے 3 ہفتے 5 دن کے دن بنائیے۔

(7) 5478 سیکنڈ کے گھنٹے منٹ وغیرہ بنائیے۔

(8) 123456 سیکنڈ کے دن گھنٹے وغیرہ بنائیے۔

(9) 2000 منٹوں کے دن گھنٹے وغیرہ بنائیے۔

(10) 63 دن کے کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟ اور 103 دن کے کتنے ہفتے

(11) 100 مہینوں کے کتنے سال اور مہینے ہوتے ہیں؟

(12) 9 اپریل سے 3 مئی تک کتنے دن ہوئے؟

(13) اننت رام 15 اپریل کو ایس۔ پی۔ ہائی سکول سرینگر میں داخل ہوا۔ اور 20 ستمبر کو سارٹیفکیٹ لیکر جموں چلا گیا۔ بتائیے وہ کتنے دن ایس۔ پی ہائی سکول میں رہا؟

(14) مکھن لال کی سگائی 27 فروری کو ہوئی۔ اور شادی اُسی سال 15 اکتوبر کو۔ بتلائیے سگائی کے کتنے دن بعد اُس کی شادی ہوئی؟

(15) بتائیے 500 دنوں کے کتنے سال اور مہینے ہے اور 986 دنوں کے کتنے؟

(16) ان میں کون سے لیپ کے سال ہیں:-
سنہ 1948ء، سنہ 1935ء، سنہ 1939ء، سنہ 1916ء، سنہ 1900ء، سنہ 1944ء

(17) بتائیے 25 جنوری سنہ 1944ء سے 16 اپریل سنہ 1944ء تک کتنے دن ہوتے ہیں؟

(18) گرمیوں میں سکول صبح ساڑھے چھ بجے لگتا ہے اور گیارہ بجے بند ہوتا ہے۔ بتائیے کتنے گھنٹے سکول لگتا ہے؟

مشق نمبر 18

(1) اکبر خان 3 گھنٹے 30 منٹ سکول میں پڑھتا ہے۔ اور 2 گھنٹے 30 منٹ گھر پر۔ بتائیے وہ دن میں کتنے گھنٹے پڑھتا ہے

(2) راجکمار کی عمر 7 سال 8 ماہ ہے۔ اور بابو لال کی 10 ماہ اس سے زیادہ۔ بابو لال کی عمر بتائیے؟

(3) محمد رجب کی عمر 8 سال 9 ماہ ہے اور عبدالرشید کی 9 سال 3 ماہ۔ بتائیے محمد رجب عبدالرشید سے کتنا چھوٹا ہے؟

(4) سلطان بٹ کی عمر 8 سال 5 ماہ ہے۔ اور اُس کے والد صاحب کی عمر اس سے چوگنی۔ اُس کے والد صاحب کی عمر معلوم کیجیے؟

(5) ایک سائیکل سوار 6 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے بائیسکل چلاتا ہے۔ بتائیے ایک منٹ میں وہ کتنا فاصلہ طے کرتا ہے؟

(6) ایک کسان ایک کھیت 3 گھنٹے 45 منٹ میں کاٹ سکتا ہے۔ بتائیے ایسے 12 کھیت وہ کتنے گھنٹوں میں کاٹ لیگا؟ اگر کسان 9 گھنٹے روزانہ کھیت کاٹنے پر صرف کرے تو سارا کام ختم کرنے میں اُسے کتنے دن لگیں گے؟

(7) ٹھاکر سنگھ کی عمر اِس وقت 10 سال 9 ماہ 18 دن۔ اور اُس کے بڑے بھائی بچتیر سنگھ کی 15 سال 6 ماہ 10 دن۔ بتائیے ٹھاکر سنگھ بچتیر سنگھ سے کتنا چھوٹا ہے؟

جمع کیجیے:-

(8)

دن	ماہ	سال
12	8	9
5	6	5
3	10	7

(9)

سیکنڈ	منٹ	گھنٹے
48	45	5
28	39	8
36	27	4

(10)

منٹ	گھنٹے	دن
32	9	14
46	12	25
57	17	19

تفریق کیجئے :-

(11)

سیکنڈ	منٹ	گھنٹے
28	16	30
47	9	24

(12)

دن	ماہ	سال
10	8	25
23	10	18

(13)

گھنٹے	دن	ماہ
17	20	13
20	27	9

(14) 19 گھنٹے 45 منٹ 48 سیکنڈ کو 16 سے ضرب دیجئے؟

(15) 6 ہفتے 5 دن 20 گھنٹے کو 108 سے ضرب دیجئے؟

(16) 29 سال 8 ماہ 4 دن کو 24 پر تقسیم کیجئے؟

(17) سرینگر سے جموں کا فاصلہ 198 میل ہے۔ ایک لاری یہ سفر 11 گھنٹوں میں طے کرتی ہے۔ لاری کی رفتار فی گھنٹہ معلوم کیجئے؟

(18) بتائیے 15 مارچ سے 26 ستمبر تک کتنے دن ہوتے ہیں؟

(19) جمادی الثانی سے ذی القعدہ تک مہینوں کے نام لیجئے؟

(20) ساون سے لیکر پھاگن تک مہینوں کے نام بتائیے؟

(21) بتائیے صبح 8 بجکر 20 منٹ سے 12 بجے دوپہر تک کتنے گھنٹے اور منٹ ہوئے۔

(22) ہمارا سکول سردیوں میں 10 بجکر 45 منٹ صبح پر کھلتا ہے اور 4 بجکر 15 منٹ شام پر بند ہوتا ہے بتائیے سکول کتنے گھنٹے

کھلا رہتا ہے؟

(23) اگر پہلی جنوری کو سوموار کا دن تھا۔ تو بتایئے 8 جنوری کو کونسا دن تھا؟

(24) اگر 8 اکتوبر کو سوموار کا دن ہو۔ تو 25 اکتوبر کو کونسا دن ہوگا

گنتی کے پیمانے

عام چیزوں کیلئے

12 چیزوں کی ایک درجن — 20 چیزوں کی ایک کوڑی

12 درجن کا ایک گُرس — 5 کوڑی کا ایک سینکڑہ

کاغذ کیلئے

24 تختے کا ایک دستہ — 20 دستے کا ایک رِم

نوٹ۔ بچوں کو مثالیں دیکر سمجھایا جائے کہ بازار میں کونسی کونسی چیز عموماً درجن کے حساب سے بکتی ہے۔ اور کون کونسی کوڑی گرس سینکڑہ وغیرہ کے حساب سے سگریٹ انڈے۔ بٹن پنسل وغیرہ درجن کے حساب سے۔ اخروٹ سینکڑہ کے حساب سے۔ دیاسلائیوں کے ڈبے قلم۔ نب وغیرہ درجن و گرس کے حساب سے بکتے ہیں۔ بچوں کے سامنے کافی تعداد میں گولیاں کوڑیاں وغیرہ رکھکر ان کو درجن۔ گرس سینکڑہ وغیرہ جاننے میں عملی طور پر مشق کرائی جائے۔

مشق نمبر ۱۹ (زبانی)

(1) ایک درجن انڈے کتنے ہوئے۔ اور تین درجن کتنے؟

(2) 2 درجن اور 4 سنگترے کتنے سنگترے ہوئے؟

(3) ایک تختہ کاغذ ایک پیسہ میں بکتا ہو۔ تو ایک دستہ کتنے میں آئے گا؟

(4) دیا سلائیوں کا بکس 3 پیسے کا ایک۔ ایک درجن کتنے کا؟

(5) اخروٹ کی ایک کوڑی 2 آنے میں بکتی ہے سینکڑہ کتنے کا؟

(6) ایک کاپی 3 آنے میں بکتی ہو تو ایک درجن کاپیاں کتنے کی؟

(7) ایک رم کاغذ میں کتنے تختے ہوتے ہیں؟

مثال نمبر ا۔ 6 درجن انڈوں کی قیمت بحساب 7 پیسے فی انڈہ معلوم کیجئے۔

انڈوں کی کل تعداد = 6 × 12 یا 72 انڈے

ایک انڈے کی قیمت = 7 پیسے

اسلئے 72 انڈوں کی قیمت = 72 × 7 پیسے = 504 پیسے

504 پیسے ÷ 4 = 126 آنے

126 آنے ÷ 16 = 7 روپے

باقی 14 آنے

اسلئے جواب = 7 روپے 14 آنے

مثال نمبر 2۔ 4 ریم 12 دستے 19 تختوں کے تختے بنائیے:۔

ریم		دستے		تختے
4	—	12	—	19

ضرب دی 20

دستے 80

12

92

ضرب دی 24

368

184

تختے 2208

19

کُل تختے 2227

پس جواب = 2227 تختے

مشق نمبر 20

(1) بتائیے 9 درجن پنسل۔ کتنی پنسلیں ہوئیں؟

(2) ایک گرس انڈے کتنے انڈے ہوتے ہیں؟ اگر دو دو آنے انڈا آتا ہو۔ تو ایک گرس انڈے کتنے میں آئیں گے؟

(3) دیا سلائی کی ڈبی تین پیسے میں ایک بکتی ہے۔ ایک درجن کتنے میں ملیں گی؟ اور ایک گرس کتنے میں؟

(4) بتائیے 6 دستوں میں کتنے تختے کاغذ ہوگا؟

(5) 9 گرس نب کتنے نب ہوئے؟

(6) 18 گرس 9 درجن بٹن۔ کتنے بٹن ہوئے؟

(7) 25 گرس 7 درجن اور 8 بٹن۔ کُل کتنے بٹن ہوتے ہیں؟

(8) 4 ریم 12 دستے 19 تختے کے تختے بنائیے؟

(9) 5 سینکڑے 4 کوڑی اور 14 سنگترے کتنے سنگترے ہوئے

(10) ایک کیلا 6 پیسے میں بکتا ہے 9 درجن کیلوں کا مول کیا ہوگا؟

(11) دیسی بٹن 3 آنے درجن اور ولایتی بٹن 6 آنے درجن بکتے ہیں۔
بتائیے 4 گرس دیسی بٹن اور 3 گرس ولایتی بٹن کتنے میں ملیں گے؟

(12) کاغذ کے 16 تختوں سے ایک کاپی بک بنتی ہے۔ بتائیے ایک
ریم کاغذ سے کتنی ایسی کاپیاں بنیں گی؟

(13) ایک چھاپہ خانے میں 12 ریم 17 دستے 20 تختے کاغذ موجود تھا
حساب کی کتاب چھاپنے پر 9 ریم 18 دستے 21 تختے خرچ ہوا
بتائیے باقی کتنا کاغذ بچا؟

جمع کیجئے:

(14)

	اکائی	درجن	گرس
بٹن سیپ	8	4	9
بٹن کانچ	10	9	15
بٹن ابری	9	8	7
کُل بٹن			

(15)

	اکائی	کوڑی	سینکڑے
سنگترے	17	4	7
	13	3	6
	9	2	3
کُل سنگترے			

تفریق کیجئے:-

(16)

	تختے	دستے	ریم
کاغذ جو چھپا تھا	7	8	16
کاغذ جو خرچ ہوا	20	12	9
باقی کاغذ			

(17)

	اکائی	درجن	گروس
انڈے جو خریدے	7	8	13
انڈے جو بیچے	9	10	8
باقی انڈے			

آزمائشی پرچے۔

(ہر پرچے کا پہلا سوال زبانی حل کیجئے)

پرچہ نمبر ۱

(1) ایک دوات 3 پیسے میں آتی ہے۔ اگر ایک درجن دواتیں اکٹھی خریدیں تو 7 آنے میں آتی ہیں۔ بتائیے ایک ایک دوات الگ الگ خریدنے کے بدلے اگر ایک درجن دواتیں اکٹھی خریدیں تو کیا فائدہ ہوگا؟

(2) ایک بیل ہر روز 2 سیر 5 چھٹانک دانہ کھاتا ہے۔ بتائیے ایک من 27 سیر ایک چھٹانک دانہ کتنے دنوں میں کھائے گا؟

(3) 30 میل فی ..... گھنٹہ کی رفتار سے ایک موٹر کار 8 منٹ میں کتنے میل چلے گی؟

(4) ایک کتاب 144 صفحے کی ہے اگر کاغذ کے ایک تختے سے 16

صفحے بنتے ہوں۔ تو بتایئے۔ ایک سو کتابوں کے چھاپنے کیلئے

کتنا کاغذ درکار ہوگا؟

(5) ایک رسا 87 گز 2 فٹ 3 انچ لمبا تھا۔ ضرورت پڑنے پر

اُس کے ۹ برابر حصے کئے گئے۔ ہر حصے کی لمبائی معلوم کیجئے؟

پرچہ نمبر 2

(1) اگر مکئی ۲ٹکے چھٹانک بکتی ہے۔ تو بتایئے ساڑھے تین پاؤ

مکئی کتنے میں ملے گی؟

(2) نیشنل ملیشیا کے ایک لنگر میں 287 سپاہیوں کے لئے ہر روز

کھانا پکتا ہے اگر ہر ایک سپاہی ایک وقت 6 روٹیاں کھاتا

ہو۔ اور ہر روٹی کا وزن 6 تولے ہو۔ تو بتایئے اُس لنگر میں ایک

وقت کتنا آٹا خرچ ہوتا ہے؟

(3) اگر سوت کے ایک بنڈل کا وزن 35 سیر ہو تو 87 من 20

سیر سوت کے کتنے بنڈل بن سکتے ہیں؟

(4) ایک سکاؤٹ کیمپ میں سکاؤٹ ماسٹر نے چند سکاؤٹوں

کو حکم دیا کہ وہ رات کے ۱۰ بجے سے صبح 6 بجے تک ایک ایک

گھنٹہ کی ڈیوٹی باری باری دیں۔ بتائیے کُل کتنے سکاؤٹوں کی ڈیوٹی لگی؟

(5) بتائیے 4 تولے 9 ماشے 7 رتی سونے میں کتنا سونا اور ملائیں کہ 7 تولے بن جائے؟

پرچہ نمبر 3

(1) ایک کاپی بُک کی قیمت 3 آنے ہے۔ بتائیے ڈیڑھ درجن کاپیاں کتنے میں آئیں گی؟

(2) ایک قمیض پر 2 گز 12 گرہ کپڑا لگتا ہے۔ بتائیے 40 گز کے تھان سے کتنی ایسی قمیضیں بنیں گی اور کتنے گز کپڑا باقی بچ جائیگا

(3) غلام رسول درزی ڈیڑھ گھنٹے میں ایک کُرتہ تیار کرتا ہے۔ بتائیے وہ صبح 8 بجے سے شام کے ساڑھے چھ بجے تک کتنے کُرتے تیار کر لیگا؟ [یاد رہے کہ وہ درزی 12 بجے دوپہر سے ڈیڑھ بجے دن تک گھر کھانا کھانے جاتا ہے]

(4) ایک بچہ 16 جنوری سنہ 1948ء کو پیدا ہوا۔ اور بدقسمتی سے 17 جنوری سنہ 1949ء کو مر گیا۔ بتائیے وہ کتنے دن زندہ رہا؟

(5) السی 50 روپے 8 آنے میں خروار بِکتی ہے۔ 5 خروار السی کی قیمت معلوم کیجیئے؟

پرچہ نمبر 4

(1) ایک گوجر دُودھ میں پانی مِلانے کا عادی ہے۔ اگر اُس کے ایک سیر دُودھ میں ایک چھٹانک پانی مِلا ہو۔ تو بتایئے اُس کے ایک من دودھ میں کتنا پانی مِلا ہو گا؟

(2) ایک لاکھ انچوں کے کتنے میل گز وغیرہ ہوں گے؟

(3) ایک چُوہا شالی کے ذخیرے سے ہر روز آدھ پاؤ شالی کھا جاتا ہے۔ بتایئے 4 ایسے چُوہے ایک سال میں اُس ذخیرے سے کتنی شالی کھا جائیں گے؟

(4) نیچے دئے ہوئے تفریق کے سوال میں خالی جگہوں کو پُر کیجیے:-

من	سیر	چھٹانک
13	22	8
x	x	x
9	25	13

(5) آلو ساڑھے سات آنے ترک بکتے ہیں۔ ایک خروار کتنے میں آئیں گے۔ اور ڈیڑھ خروار کتنے میں؟

اکائی کا قاعدہ

مثال نمبر ا:- 20 خروار شالی کی قیمت 165 روپے ہو تو 7 خروار کی قیمت معلوم کیجئے؟

حل:- 20 خروار کی قیمت = 165 روپے

ایک خروار کی قیمت = 165 روپے ÷ 20

= 8 روپے 4 آنے

اسلئے 7 خروار کی قیمت = 8 روپے 4 آنے × 7

= 57 روپے 12 آنے

(عمل)

```
20) 165 (8
    160
    ----
      5
     16
    ----
     80 (4
     80
    ----
      ×

روپے  آنے
  8 - 4 × 7
-----------
 57 - 12

      آنے
16) 28 (1
    16
    --
    12
```

مثال نمبر 2:- 5 من لکڑی 7 روپے 3 آنے میں آتی ہے 9 من کتنے میں آئے گی؟

حل:- 5 من لکڑی کی قیمت = 7 روپے 3 آنے

اسلئے ایک من لکڑی کی قیمت =

= 7 روپے 3 آنے ÷ 5 = 1 روپیہ 7 آنے

اور 9 من لکڑی کی قیمت =

= 1 روپیہ 7 آنے ضرب 9 = 12 روپے 15 آنے

(عمل)

```
     روپے آنے
5)   7 - 3 (1 روپیہ
     5
     --
     2
ضرب  16
     --
     32
جمع   3
     --
5)   35 (7 آنے
     35
     --

روپے  آنے
  1 - 7
      9
---------
 12 - 15
```

PHAsli Mohmad Ashraf s/o PHasli Mohmad
59 Jasieen Kalalpori

مشق نمبر 12

(1) 6 پنسلیں 12 آنے میں بکتی ہیں تو 8 پنسلیں کتنے میں ملیں گی؟

(2) 7 کتابوں کی قیمت 2 روپے 3 آنے ہے۔ ایک کتاب کی قیمت معلوم کیجئے؟

(3) اگر 12 لٹھا 10 روپے 8 آنے میں ملتا ہے تو گز کی قیمت بتایئے

(4) 15 اخروار شالی 121 روپے 14 آنے میں ملتی ہے تو 3 خروار کتنے میں ملے گی؟

(5) ایک مزدور 4 دن میں 9 روپے کماتا ہے تو بتایئے 30 دن کے مہینے میں کتنے روپے کما لے گا؟

(6) ایک درجن انڈے 9 آنے میں بکتے ہیں۔ تو 125 انڈے کتنے میں ملیں گے؟

(7) اگر ایک من دودھ 13 روپے 2 آنے میں ملے۔ تو 17 سیر کتنے میں ملیگا؟

(8) 25 گز ریشم کی قیمت 145 روپے 5 آنے ہے۔ 37 گز ریشم کی قیمت معلوم کیجئے؟

(9) رحیم ڈار کا گھوڑا 30 دِن میں ایک من 5 سیر دانہ کھاتا ہے
بتائیے وہ 90 دِن میں کتنا دانہ کھائیگا؟

(10) 3 من لکڑی 2 روپے 12 آنے میں ہو۔ تو 15 من لکڑی
کا مول بتائیے؟

(11) ایک درجن پاجامے بنانے میں 26 گز 4 گرہ کپڑا لگتا
ہے۔ بتائیے 8 پاجاموں پر کتنا کپڑا لگے گا؟

(12) ایک تھان لٹھا 30 روپے میں بکتا ہے۔ تو بتائیے 15 گز
لٹھا کتنے میں ملے گا۔ جبکہ ایک تھان میں 40 گز ہوں؟

(13) ایک من چائے 100 روپے میں ملتی ہو۔ تو پاؤ بھر چائے
کتنے میں ملے گی اور 3 سیر کتنے میں؟

(14) ایک کاریگر ایک ہفتہ میں ساڑھے چوبیس روپے کماتا ہے
بتائیے 15 دن میں وہ کتنا کمائے گا؟

(15) نمک کا بھاؤ 15 روپے من ہے۔ بتائیے ڈیڑھ روپے
میں کتنا نمک آئیگا؟

مثال - اگر 13 تھان کھدر کی قیمت 43 روپے 7 آنے 2 پیسے ہو۔ تو 8 تھان کھدر کی قیمت معلوم کیجئے:۔

حل - 13 تھان کھدر کی قیمت
= 43 روپے 7 آنے 2 پیسے
اسلئے ایک تھان کھدر کی قیمت
= 43 روپے 7 آنے 2 پیسے ÷ 13
= 3 روپے 5 آنے 2 پیسے
پس 8 تھان کھدر کی قیمت
= 3 روپے 5 آنے 2 پائی ضرب 8
= 26 روپے 12 آنے
جواب

```
      روپے  آنے  پیسے
13 ) 43 - 7 - 2 ( 3 روپے
     39
     4×16
     64
      7
13 ) 71 ( 5 آنے
     65
     6×4
     24
      2
13 ) 26 ( 2 پیسے
     26
      ×

روپے  آنے  پیسے
3  -  5  -  2
            8
26 - 12 - 0
```

مشق نمبر 12 (ب)

(1) اگر 9 گز ریشم کی قیمت 29 روپے 4 آنے ہو۔ تو 4 گز ریشم کی قیمت معلوم کیجئے؟

(2) اگر 47 کنال زمین کا لگان 240 روپے 14 آنے ہو۔ تو 180 کنال زمین کا لگان معلوم کیجئے؟

(3) 2 آدمی 39 دن میں 90 روپے 3 آنے کماتے ہیں بتایئے

6 دن میں وہ کتنا کمائیں گے؟

(4) 2 من 4 سیر آٹے کی قیمت 15 روپے 12 آنے ہے بتائیے 1 من 2 سیر آٹے کی قیمت کیا ہوگی؟

(5) اگر 11 من 30 سیر کا کرایہ 5 روپے 14 آنے ہو۔ تو 13 من 30 سیر کا کرایہ بتائیے؟

(6) اگر 5 درجن اور 6 چاقوؤں کی قیمت 6 روپے 14 آنے ہو تو بتائیے 7 درجن اور 3 چاقوؤں کی قیمت کیا ہوگی؟

سُود

اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے کسانوں کو اور غریب لوگوں کو روپیہ قرض لینے کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ کسانوں کو فصل بونے کے موقعہ پر بیل یا بیج وغیرہ خریدنے کے لئے اور غریب لوگوں کو شادی موت تعمیر مکان مرمت مکان تیوہار وغیرہ کے لئے روپیہ اُدھار لینا پڑتا ہے۔ جو رقم قرض لی جاتی ہے اُسے اصل رقم یا اصل زر کہتے ہیں اور اس رقم کے استعمال کے لئے جو رقم اصل زر کے علاوہ دینی پڑتی

ہے۔ اُسے سُود کہتے ہیں۔ اصل زر اور سُود مِلا کر جو رقم بنے اُسے کُل رقم یا کُلی زر کہتے ہیں۔ سُود کا نرخ جو مقرر ہو۔ اُسے شرح کہتے ہیں۔ اور جس وقت کے لئے روپیہ قرض لیا جائے اُسے مُدت کہتے ہیں۔

نیا کشمیر وجُود میں آنے سے پہلے سرمایہ دار سُود خوار یہی عموماً غریب لوگوں کو روپیہ قرض دیتے تھے اور یہ سرمایہ دار سُود وصُول کرنے کا ایسا طریقہ اختیار کرتے تھے۔ کہ بیچارے غریب لوگ قرضہ سے دُگنی اور تگنی رقم واپس ادا کرنے کے بعد بھی قرضہ سے خلاصی نہ پاتے تھے۔ ہماری نئی قومی حکومت نے وجود میں آتے ہی سُود خواری کا خاتمہ کرنے کیلئے کچھ قدم اُٹھائے ہیں۔ اور کواپریٹو (باہمی امدادی) بینکوں کو کافی سہولتیں دینے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ وہ غریب حاجت مند لوگوں کو آسانی سے اور مناسب شرح پر ضرورت پڑنے پر قرضہ دیں۔

مثال نمبر ۸- کریم ڈار نے ایک ہل اور بیج خرید کرنے کے لئے کواپریٹو بنک سے چیت کے مہینے میں 50 روپے قرض لئے۔ اور چھ ماہ گذرنے پر اسوج کے مہینے میں قرضہ واپس کیا۔ اگر بنک کی شرح سود ایک پیسہ فی روپیہ ماہوار ہو۔ تو بتائیے کریم ڈار کو کتنا سود دینا پڑا۔ اور اُس نے کُل کتنی رقم ادا کی :۔

حل :- ایک روپیہ پر ایک ماہ کا سود = ایک پیسہ

50 روپے پر ایک ماہ کا سود = 50 پیسے

50 روپے پر 6 ماہ کا سود = 50 پیسے x 6 = 300 پیسے

= 4 روپے 11 آنے

پس سود = 4 روپے 11 آنے

4) 300 پیسے
16) 75 آنے
11 آنے - 4 روپے

اور کُل رقم = اصل زر + سود = 50 روپے + 4 روپے 11 آنے

= 54 روپے 11 آنے جواب

ط جو شرح سود اِن سوالوں میں لگائی گئی ہے وہ کافی زیادہ ہے اِن سوالوں میں مروجہ شرح سود کا دیا جانا فیصدی یا پائیوں کا استعمال کئے بغیر بہت مشکل ہے۔ یہ مشکل اگلی جماعت میں دُور کی جائیگی :۔

مثال نمبر ۹ - گوکل چند چپڑاسی نے اپنے مکان کی مرمت کے لئے 350 روپے کو اپریٹو بنک سے قرض لئے۔ اگر شرح سود ماہوار ایک روپیہ سینکڑہ ہو۔ تو بتائیے ایک سال کے بعد گوکل چند کتنا روپیہ ادا کرے کہ قرضہ بے باق ہو جائے ؟

حل - 100 روپے پر ایک ماہ کا سود = ایک روپیہ
300 روپے پر ایک ماہ کا سود = 3 روپے
50 روپے پر ایک ماہ کا سود = 8 آنے (کیونکہ 50 روپے نصف ہے 100 روپے کا)

اسلئے 350 روپے پر ایک ماہ کا سود = 3 روپیہ 8 آنے

اور 350 روپے پر 12 ماہ کا سود = 3 روپے 8 آنے ضرب 12
= 42 روپے

روپے	آنے
3	8
	12
42	0

پس کل رقم جو ایک سال کے بعد ادا کرنی ہے
= 350 روپے + 42 روپے = 392 روپے جواب

مشق نمبر 22

پہلے 4 سوال زبانی حل کیجئے۔

(1) مولا بخش نے 15 روپے 4 مہینوں کے لئے قرضہ پر لئے۔ اگر اُسے ماہوار ایک پیسہ فی روپیہ سود ادا کرنا پڑے تو بتائیے اُسے

(15) اگر ایک سو روپے کا سود ایک ماہ کیلئے ایک روپیہ ہو۔ تو بتائیے 450 روپے کا سود 6 ماہ کے لئے کتنا ہوگا؟

(16) 750 روپے کا سود 10 ماہ کے لئے ایک روپیہ سینکڑہ ماہوار کے حساب سے معلوم کیجئے؟

ڈیوڑھا (1½)




تیسری جماعت میں ہم سمجھ چکے ہیں کہ ایک اور آدھا مل کر ڈیڑھ بن جاتا ہے اور اسے ہم ایسے (1½) لکھتے ہیں۔ اب ہم دیکھیں گے۔ کہ ڈیڑھ کو دو تین چار یا پانچ بار جمع کرنے سے کتنا بنتا ہے



بتلائیے ڈیڑھ سیب اور ڈیڑھ سیب مل کے کتنے سیب ہے؟ (تین سیب) ڈیڑھ سیب اور ڈیڑھ سیب مل کے تین سیب

ط 1.5 ، 2.5 ، 3.5 وغیرہ میں بائیں طرف کا نقطہ آدھا ظاہر کرتا ہے ہم اس نقطہ کا استعمال سہولیت کے لئے کرتے ہیں۔ دہنہ 1.1، 1.2، 1.3، ڈیڑھ، ڈھائی ساڑھے تین لکھنا زیادہ مناسب ہے ۔

ایسے ہی ڈیڑھ اور ڈیڑھ روٹی مِلکر کُل بنی تین روٹیاں ۔



ڈیڑھ روٹی + ڈیڑھ روٹی
کُل بنے تین روٹیاں

گویا دو ڈیوڑھے تین

اب اِن تین روٹیوں کے ساتھ ڈیڑھ روٹی اور مِلائیے. کُل کتنی روٹیاں بنیں؟ {ساڑھے چار}



ڈیڑھ روٹی + ڈیڑھ روٹی + ڈیڑھ روٹی
کُل بنی ساڑھے چار روٹیاں

گویا تین ڈیوڑھے ساڑھے چار

اب آپ ایسے ہی معلوم کیجئے چار ڈیوڑھے کتنے ہوئے ۔ پانچ ڈیوڑھے کتنے؟ وغیرہ

آپ نے یہ بھی دیکھ لیا ہوگا. کہ کسی عدد کا ڈیوڑھا معلوم کرنا ہو تو اُس عدد میں اُس کا آدھا اور مِلا لیتے ہیں۔

مثلاً 4 ڈیوڑھے ہوئے 4 پورے اور 4 آدھے گویا 2+4 یا 6

5 ڈیوڑھے ہوئے 5 پورے اور 5 آدھے گویا 2+5. یا 7.

6 ڈیوڑھے ہوئے 6 پورے اور 6 آدھے گویا 3+6 یا 9

اب آپ ایسے ہی خود 6 تک ڈیوڑھے کے پہاڑے بنائیے۔

ڈیوڑھے کا پہاڑہ

(خوب یاد کیجئے)

پڑھنے کے لئے			لکھنے کے لئے		
ایک	ڈیوڑھا	ڈیڑھ	1	ڈیوڑھا	.1
دو	ڈیوڑھے	تین	2	ڈیوڑھے	3
تین	ڈیوڑھے	ساڑھے چار	3	ڈیوڑھے	.4
چار	ڈیوڑھے	چھ	4	ڈیوڑھے	6
پانچ	ڈیوڑھے	ساڑھے سات	5	ڈیوڑھے	.7
چھ	ڈیوڑھے	نو	6	ڈیوڑھے	9
سات	ڈیوڑھے	ساڑھے دس	7	ڈیوڑھے	.10
آٹھ	ڈیوڑھے	بارہ	8	ڈیوڑھے	12
نو	ڈیوڑھے	ساڑھے تیرہ	9	ڈیوڑھے	.13
دس	ڈیوڑھے	پندرہ	10	ڈیوڑھے	15
گیارہ	ڈیوڑھے	ساڑھے سولہ	11	ڈیوڑھے	.16
بارہ	ڈیوڑھے	اٹھارہ	12	ڈیوڑھے	18
تیرہ	ڈیوڑھے	ساڑھے انیس	13	ڈیوڑھے	.19
چودہ	ڈیوڑھے	اکیس	14	ڈیوڑھے	21
پندرہ	ڈیوڑھے	ساڑھے بائیس	15	ڈیوڑھے	.22
سولہ	ڈیوڑھے	چوبیس	16	ڈیوڑھے	24

عملی کام

(1) ترازو لیجیے۔ اور ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک وزن کے چاول کی 16 ڈھیریاں الگ الگ تول لیجیے۔ اب بتائیے 2 ڈھیریوں میں کتنے چاول؟ 3 میں کتنے؟ 5 میں کتنے؟ 8 میں کتنے؟ 10 میں کتنے؟ 12 میں کتنے؟ 13 میں کتنے؟ اور 16 میں کتنے؟

ہر سوال کے جواب کی پڑتال ترازو سے دوبارہ تول کر کیجیے۔

(2) اس کپاس سے ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک وزن کے الگ الگ ڈھیر بنائیے اور بتائیے

3 ڈھیروں میں کتنے چھٹانک کپاس ہے؟ 4 میں کتنی؟ 6 میں کتنی؟ 9 میں کتنی؟ 12 میں کتنی؟ 14 میں کتنی؟

(3) سوت کا دھاگا لیجیے اور اس کے ڈیڑھ ڈیڑھ فٹ کے ٹکڑے بنائیے اور بتائیے

2 ٹکڑوں کی لمبائی کتنے فٹ ہے؟ 3 کی کتنی؟ 13 کی کتنی؟ 15 کی کتنی؟

مشق نمبر 23 (زبانی)

(1) ایک فٹ میں کتنے انچ؟ ڈیڑھ فٹ میں کتنے؟

(2) بتایئے ڈیڑھ روپے میں کتنے آنے؟ ڈیڑھ گز میں کتنی گرہ؟

(3) ایک آنے میں ڈیڑھ چھٹانک پکوڑیاں آتی ہوں۔ تو 3 آنے میں کتنی؟ اور 5 آنے میں کتنی؟

(4) نرائن داس کے پاس 8 روپے ہیں۔ اور غنی بٹ کے پاس اُس سے ڈیوڑھے۔ بتایئے غنی بٹ کے پاس کتنے روپے ہیں؟

(5) بتایئے ڈیڑھ درجن انڈے کتنے انڈے ہوئے؟

(6) ڈیڑھ دن میں کتنے گھنٹے؟ ڈیڑھ گھنٹے میں کتنے منٹ؟ اور ڈیڑھ منٹ میں کتنے سیکنڈ؟

(7) ڈیڑھ مہینے میں کتنے دن؟ ڈیڑھ سال میں کتنے مہینے؟

(8) ایک گائے روز ڈیڑھ سیر دانہ کھاتی ہے۔ بتایئے 15 دن میں کتنا دانہ کھائیگی؟

(9) اوتار کشن نے 30 ریوڑیاں کھائیں اور بھگت سنگھ نے اُس سے ڈیوڑھی۔ بتایئے بھگت سنگھ نے کتنی ریوڑیاں کھائیں؟

(10) ہمارے سکول کی چوتھی جماعت میں 50 لڑکے ہیں۔ اور تیسری میں اُس سے ڈیوڑھے۔ بتائیے تیسری جماعت میں کتنے لڑکے ہیں؟

(11) بتائیے کتنے ڈیوڑھے ساڑھے سات؟ کتنے ڈیوڑھے بارہ؟ کتنے ڈیوڑھے پندرہ؟ کتنے ڈیوڑھے ساڑھے دس؟ کتنے ڈیوڑھے اکیس؟ کتنے ڈیوڑھے ساڑھے سولہ؟

(12) ایک گز ململ ڈیڑھ روپے میں آتی ہے۔ پندرہ گز کتنے میں آئیگی اور 40 گز کتنے میں؟

(13) گھوڑے کی قیمت گائے کی قیمت سے ڈیوڑھی ہے اگر گائے کی قیمت 100 روپے ہو تو گھوڑے کی قیمت معلوم کیجئے؟

(14) شام لال بزاز اور احمد وانی نے مل کر تجارت شروع کی۔ احمد وانی نے 500 روپے تجارت میں لگائے اور شام لال نے اُس سے ڈیوڑھے۔ بتائیے شام لال نے کتنے روپے لگائے اور دونوں نے کتنے؟

ڈھایا (2.)

دو سیب اور آدھا سیب۔

کُل بنے ڈھائی سیب +



ایک لڑکے کو ڈھائی

سیب ملے اور دوسرے

کو بھی ڈھائی سیب

دونوں کو مِل کر کُل بنے

پانچ سیب



2 ڈھائی ہوئے دو دُگنے

اور دو آدھے یعنی

4+1 یا 5

بس دو ڈھائے پانچ



3 ڈھائے کِتنے؟ 3 دُگنے اور 3 آدھے گویا 6+1 یا 7۔

4 ڈھائے کِتنے؟ 4 دُگنے اور 4 آدھے گویا 8+2 یا 10

5 ڈھائے کِتنے؟ 5 دُگنے اور 5 آدھے گویا 10+2 یا 12۔

اب ایسے ہی ڈھائے کے پہاڑے 16 تک بنائیے ؂

ڈھائے کا پہاڑہ

پڑھنے کے لئے			لکھنے کے لئے		
ایک	ڈھایا	ڈھایا	1	ڈھایا	.2
دو	ڈھائے	پانچ	2	ڈھائے	5
تین	ڈھائے	ساڑھے سات	3	ڈھائے	.7
چار	ڈھائے	دس	4	ڈھائے	10
پانچ	ڈھائے	ساڑھے بارہ	5	ڈھائے	.12
چھ	ڈھائے	پندرہ	6	ڈھائے	15
سات	ڈھائے	ساڑھے سترہ	7	ڈھائے	.17
آٹھ	ڈھائے	بیس	8	ڈھائے	20
نو	ڈھائے	ساڑھے بائیس	9	ڈھائے	.22
دس	ڈھائے	پچیس	10	ڈھائے	25
گیارہ	ڈھائے	ساڑھے ستائیس	11	ڈھائے	.27
بارہ	ڈھائے	تیس	12	ڈھائے	30
تیرہ	ڈھائے	ساڑھے بتیس	13	ڈھائے	.32
چودہ	ڈھنے	پنتیس	14	ڈھائے	35
پندرہ	ڈھائے	ساڑھے سینتیس	15	ڈھائے	.37
سولہ	ڈھائے	چالیس	16	ڈھائے	40

نوٹ :- ڈھائی کو ڈھایا بھی کہتے ہیں اور اڑھایا بھی۔

مشق نمبر 24 (زبانی)

(1) بتائیے کتنے ہوتے ہیں؟

3 ڈھائے۔ 5 ڈھائے۔ 6 ڈھائے۔ 8 ڈھائے

7 ڈھائے۔ 10 ڈھائے۔ 12 ڈھائے۔ 15 ڈھائے

(2) بتائیے۔ کتنے ڈھائے۔ 5۔ 10۔ 7۔ 15۔ 17۔ 30۔ 22؟

(3) ایک سیر آلو ڈھائی آنے ہیں۔ 4 سیر کتنے ہیں؟

(4) ایک قمیض میں ڈھائی گز کھدر لگتا ہے۔ 5 قمیضوں میں کتنا لگے گا؟

(5) ایک کاپی کی قیمت 2.ر آنے ہے۔ 9 ایسی کاپیاں کتنے میں آئینگی؟

(6) ایک بوری میں 2.من آٹا آتا ہے۔ 10 بوریوں میں کتنا آٹا آئے گا؟

(7) ایک چپل ڈھائی روپے میں بکتی ہے۔ 13 ایسی چپل کتنے میں ملینگی؟

(8) ڈھائی گز کپڑے سے ایک پاجامہ بنتا ہے۔ بتائیے

25 گز کے تھان سے کتنے ایسے پاجامے بنینگے ؟

(۹) ایک آدمی ایک گھنٹے میں ڈھائی میل چلتا ہے۔ پچیس میل کتنے گھنٹوں میں چلے گا ؟

(۱۰) انور شاہ کے کوٹ کی قیمت قمیض سے ڈھائی گنا ہے اگر کوٹ کی قیمت ساڑھے سات روپے ہو تو قمیض کی قیمت بتائیے

سوایا (¼)

ہم جانتے ہیں کہ ایک آنہ اور چوتھائی آنہ مل کے سوا آنہ کہلاتا ہے



ایک آنہ اور ایک پیسہ ملا کے ہوا سوا آنہ

ایک روپیہ اور چوتھائی روپیہ مل کے سوا روپیہ کہلاتا ہے ۔



ایک روپیہ اور ایک چونی ملا کے ہوا سوا روپیہ

ایک گز اور چوتھائی گز مِلا کے سوا گز ہُوا۔

اب ہم معلوم کریں گے کہ 2 سوائے ۔ 3 سوائے ۔ 4 سوائے وغیرہ کتنے ہوتے ہیں۔ سوا کو سوایا بھی کہتے ہیں۔

ایک سوایا = ایک اور ایک کا چوتھائی یا $\underline{1}$



ایک آنہ اور ایک چوتھائی = سوایا

اسی طرح 2 سوائے = 2 اور دو کا چوتھائی یا 2.



دو اور دو چوتھائی = ڈھائی

اور 3 سوائے = 3 اور 3 کا چوتھائی یا $\underline{:3}$



تین اور تین چوتھائی = پونے چار

4 سوائے = 4 اور 4 کا چوتھائی یا 5 وغیرہ وغیرہ



چار اور چار چوتھائی = پانچ

اب ایسے ہی سوائے کا پہاڑہ 6 انک بنائیے۔

سوائے کا پہاڑہ

ا سوایا	سوایا	1
2 سوائے	ڈھائی	2۰
3 سوائے	پونے چار	3۰
4 سوائے	پانچ	5
5 سوائے	سوا چھ	6
6 سوائے	ساڑھے سات	7۰
7 سوائے	پونے نو	8۰
8 سوائے	دس	10
9 سوائے	سوا گیارہ	11
10 سوائے	ساڑھے بارہ	12۰
11 سوائے	پونے چودہ	13۰
12 سوائے	پندرہ	15
13 سوائے	سوا سولہ	16
14 سوائے	ساڑھے سترہ	17۰
15 سوائے	پونے انیس	18۰
16 سوائے	بیس	20

مشق نمبر 25

(1) بتلائیے 2 سوائے کتنے؟ 3 سوائے کتنے؟ 5 سوائے کتنے؟

(2) ایک سیر کھانڈ سوا روپیہ میں آتا ہو۔ تو 6 سیر کھانڈ کتنے میں آئے؟

(3) ایک روپیہ میں 5 سیر مکئی کا آٹا بکتا ہو۔ تو سوا روپیہ میں کتنا؟

(4) منیر کے پاس 12 روپے ہیں۔ اور لطیف کے پاس اُس سے سوائے۔ بتائیے لطیف کے پاس کتنے روپے ہیں۔

(5) ایک درزی ایک کُرتہ سوا گھنٹے میں سی لیتا ہے۔ بتائیے ایسے سات کُرتے وہ کتنی دیر میں سی لے گا؟

(6) کپاس ایک روپے کی سوا سیر بکتی ہو۔ تو 14 روپے میں کتنی کپاس ملیگی؟

(7) بتائیے ۱۰ سوائے کتنے؟ 13 سوائے کتنے؟ 20 سوائے کتنے؟


(8) رام ناتھ کے پاس ۱۰۰ روپے ہیں۔ اور کریم بخش کے پاس اُس سے سوائے؟ بتائیے کریم بخش کے پاس کُل کتنے روپے ہیں۔ اور دونو کے پاس کُل کتنے؟

(9) کتنے سوائے 6؟ کتنے سوائے 15؟

(10) ایک فیتہ 20 گز لمبا ہے۔ بتائیے سوا سوا گز کے کتنے ٹکڑے ہم اس میں سے کاٹ سکتے ہیں؟

آدھا + چوتھائی = پونا

پونا (¾)



کسی چیز کا آدھا اور چوتھائی حصّہ مل کر پونا کہلاتا ہے۔

پونا روپیہ = آدھا روپیہ + چوتھائی

پونا روپیہ = 8 آنے + 4 آنے یا 12 آنے

پونا سیر = آدھ سیر + چوتھائی سیر = 8 چھٹانک + 4 چھٹانک

یا 12 چھٹانک

اب بتائیے پونا گز کتنے گرہ ہوا؟ (12 گرہ)

پونے سیر میں کتنے پاؤ؟ (3 پاؤ)

اگر ہم کسی چیز سے ایک چوتھائی کم کر دیں۔ تو 3 چوتھائی رہ جاتے ہیں۔ وہ بھی پونا ہوا۔

ایک پونا



پس ایک پونا = 3 چوتھائی کے

ایک پونا یا تین چوتھائی

ڈیڑھ



دو پونے = 6 چوتھائی کے

2 پونے یا 6 چوتھائی

تین پونے = 9 چوتھائی کے

3 پونے یا 9 چوتھائی



سوا دو

ہم جانتے ہیں کہ 4 چوتھائی کا ایک ہوتا ہے

اور 2 چوتھائی کا آدھا۔ اسلئے 6 چوتھائی = 4 چوتھائی + 2 چوتھائی = ایک اور آدھا یا ڈیڑھ (۱۰)

ایسے ہی 9 چوتھائی ہوئے 8 چوتھائی + ایک چوتھائی یا سوا دو (2) وغیرہ اس طرح سے اب پونے کا پہاڑہ بنائیے +

پونے کا پہاڑہ

ایک پونا	پونا	ـ	نو پونے	پونے سات	۔6
دو پونے	ڈیڑھ	1۔	دس پونے	ساڑھے سات	۔7
تین پونے	سوا دو	2	گیارہ پونے	سوا آٹھ	8
چار پونے	تین	3	بارہ پونے	نو	9
پانچ پونے	پونے چار	۔3	تیرہ پونے	پونے دس	۔9
چھ پونے	ساڑھے چار	۔4	چودہ پونے	ساڑھے دس	۔10
سات پونے	سوا پانچ	5	پندرہ پونے	سوا گیارہ	11
آٹھ پونے	چھ	6	سولہ پونے	بارہ	12

مشق نمبر 26 (زبانی)

بتائیے :-

(1) پونے دو روپے کتنے روپے اور کتنے آنے ہوئے؟

(2) پونے تین روپے کتنے روپے اور کتنے آنے ہوئے؟

(3) پونے چار روپے کتنے روپے اور کتنے آنے ہوئے؟

(4) پونے چار سیر کتنے سیر اور کتنے پاؤ ہوئے؟

(5) پونے تین سیر کتنے سیر اور کتنے پاؤ ہوئے؟

(6) پونے چھ سیر کتنے سیر اور کتنے چھٹانک ہوئے؟

(7) پونے دو گھنٹے کتنے گھنٹے اور کتنے منٹ ہوئے؟

(8) پونے پانچ گز کتنے گز اور کتنے گرہ ہوئے؟

(9) محی الدین ہر روز پونا سیر چاول کھاتا ہے۔ بتائیے 4 دن میں کس قدر چاول کھائیگا؟

(10) بتائیے 3 پونے کتنے - 4 پونے کتنے - 6 پونے کتنے؟ 10 پونے کتنے؟

(11) ایک روپے میں پون سیر کھانڈ بکتا ہو تو 8 روپے میں کتنی کھانڈ ملے گی؟

(12) پون آنے میں کتنے پیسے ہوتے ہیں؟ پونے دو آنے میں کتنے؟ پونے چھ آنے میں کتنے؟

(13) اگر ایک سیر پالک کا ساگ پونے چار آنے میں آئے۔ تو 2 سیر کتنے میں؟ اور 3 سیر کتنے میں؟

(14) کتنے پونے 3، 5 ؟

(15) بشیر ایک دن 3 روپے کماتا ہے۔ اور رشید اُس کا پونا۔ بتائیے رشید ایک دن میں کتنے روپے کماتا ہے؟

ہماری ہر روز کی ضرورتوں کے لین دین کا حساب

ہم نے معمولی بازاری لین دین کا حساب کرنے کا طریقہ تو بہت زنگ سیکھ لیا ہے۔ حساب تو ہم گھر بیٹھے یا سکول میں کاغذ اور قلم اُٹھا کر یا سلیٹ اور پنسل کی مدد سے لگا سکتے ہیں لیکن جب ہم سچ مچ بازار میں کسی دکان پر جائیں تو یہ دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ دکاندار لوگ کیسے سلیٹ پنسل اُٹھائے بغیر زبانی زبانی گاہکوں کا حساب کر کے آن کی آن

میں اُن کو بھگتا لیتے ہیں۔ بھلا یہ تو بتائیے۔ یہ لوگ ہر ایک گاہک کا حساب اتنی جلدی کیونکر کر سکتے ہیں۔ ہم آج کے سبق میں دُکانداروں کی طرح حساب لگانے کا مختصر طریقہ سیکھتے ہیں

دُکاندار لوگ حساب کے چند مختصر اور آسان طریقے زبانی رٹ لیتے ہیں۔ اِن کو گُر کہتے ہیں۔ ہر روز کی مشق سے اُن کو یہ گُر زبانی یاد ہو جاتے ہیں۔ اِن میں سے تو کچھ باتیں تو ہم نے سیکھ لی ہیں لیکن خاص طور پر یاد رکھنے کیلئے چند گُر نیچے لکھتے ہیں۔

مفید گُر

(خوب یاد کیجئے)

(1) ایک روپے کے جتنے سیر۔ ایک آنے کے اُتنی چھٹانکیں۔
یا ایک آنے کی جتنی چھٹانکیں۔ ایک روپے کے اتنے سیر۔

(2) ایک سیر کے جتنے روپے۔ ایک چھٹانک کے اُتنے آنے۔
یا ایک چھٹانک کے جتنے آنے۔ ایک سیر کے اُتنے روپے

(3) ایک روپے کے جتنے گز۔ ایک آنے کی اُتنی گرہ

یا ایک آنے کی جتنی گرہ ۔ ایک روپے کے اُتنے گز ۔

(4) ایک گز کے جتنے روپے ۔ ایک گرہ کے اُتنے آنے

یا ایک گرہ کے جتنے آنے ۔ ایک گز کے اُتنے روپے

(5) ایک مَن کے جتنے روپے ۔ ڈھائی سیر کے اُتنے ہی آنے

یا ڈھائی سیر کے جتنے آنے ۔ ایک مَن کے اُتنے روپے

(6) ایک خروار کے جتنے روپے ۔ ایک ترک کے اُتنے آنے ۔

یا ایک ترک کے جتنے آنے ۔ ایک خروار کے اُتنے روپے

اب آپ اِن مُفید گُروں کو ایسے لکھیئے :-

جتنے روپے کا ایک سیر ۔ اُتنے ہی آنوں کی ایک چھٹانک

جتنے روپے کا ایک خروار ۔ اُتنے ہی آنوں کا ایک ترک

وغیرہ

مشق نمبر 27 (زبانی)

(1) کپاس روپے کی ڈیڑھ سیر آئے۔ تو ایک آنے میں کتنی آئیگی؟

(2) آلو روپے کے 7 سیر ملتے ہوں۔ تو ایک آنے میں کتنے آلو؟ 3 آنے میں کتنے؟

(3) آٹا روپے کا دو سیر ہو تو ایک آنے میں کتنا۔ اور 3 آنے میں کتنا؟

(4) شالی کا بھاؤ آٹھ روپے فی خروار ہو تو ایک ترک شالی کتنے میں ملیگی؟ 5 ترک کتنے میں؟

(5) ایک من چاول 14 روپے میں بکتے ہوں۔ تو ڈھائی سیر چاول کتنے میں ملینگے؟ اور ساڑھے سات سیر کتنے میں؟

(6) ہلدی روپے کی ڈیڑھ سیر ہو تو بتاؤ ایک آنہ میں کتنی آئے گی؟ اور 4 آنے میں کتنی؟

(7) لال مرچ ڈیڑھ آنہ چھٹانک بکتی ہے۔ بتاؤ ایک سیر کتنے میں؟ ڈیڑھ سیر کتنے میں؟

(8) ایک من روئی 35 روپے میں ہو تو ڈھائی سیر کتنے میں؟

(۹) گھی کا بھاؤ 5 روپے سیر ہو تو ایک چھٹانک گھی کتنے میں اور ڈیڑھ چھٹانک کتنے میں؟

(۱۰) بند گوبھی ساڑھے چار سیر روپے کی بکتی ہو۔ تو ایک آنہ میں کتنی اور 4 آنے میں کتنی؟

مشق نمبر 28 (زبانی)

(۱) ایک روپے میں 3 سیر نمک آتا ہو تو 3 آنے میں کتنا نمک آئے گا؟

(2) ایک وٹی آم دو روپے میں۔ پاؤ بھر کتنے میں؟ 7 چھٹانک کتنے میں؟

(3) کیا سمجھا 3 سیر دو روپے میں ملے تو 3 چھٹانک کتنے میں؟

(4) ایک من لکڑی ڈیڑھ روپے میں ہو تو 5 سیر کتنے میں؟

(5) پستہ ساڑھے سات روپیہ سیر بکتا ہو تو ایک چھٹانک کتنے میں؟ ایک تولہ کتنے میں؟

(6) ایک روپے کا ڈھائی گز کورا لٹھا ہو تو 6 آنے میں کتنا؟

(7) صابون سوا دو روپے سیر بکتا ہو۔ تو ایک چھٹانک

کتنے میں اور 7 چھٹانک کتنے میں؟

(8) ماش کی دال روپے میں ڈیڑھ سیر ملتی ہو۔ تو 6 آنے میں کتنی؟

(9) ایک خروار شالی سوا آٹھ روپے میں تو 6 ترک کتنے میں؟

تجارت کے طریقے سے قیمت معلوم کرنا

ایک روپے کے حصے۔ 8 آنے آدھا ہے ایک روپیہ کا

4 آنے آدھا ہے 8 آنے کا

2 آنے آدھا ہے 4 آنے کا

1 آنے آدھا ہے 2 آنے کا

2 پیسے آدھا ہے 1 آنہ کا

1 پیسہ آدھا ہے 2 پیسے کا

مثال نمبر 1۔ 10 سیر نمک کی قیمت بحساب 6 آنے 2 پیسے فی سیر بذریعہ تجارت معلوم کیجیے؟

ایک آنہ فی سیر کے حساب ۱۰ سیر نمک کی قیمت = ۱۰ آنے

---

6 آنہ فی سیر کے حساب ۱۰ سیر نمک کی قیمت = ۱۰ آنے × 6 = 60 آنے

2 پیسے فی سیر کے حساب ۱۰ سیر نمک کی قیمت = ایک آنہ فی سیر کے حساب سے قیمت کا نصف

= ۱۰ آنے ÷ 2 = 5 آنے

اسلیئے 6 آنے 2 پیسے فی سیر کے حساب سے ۱۰ سیر نمک کی قیمت

= 60 آنے + 5 آنے

= 65 آنے

= 4 روپے ۱ آنہ جواب

مثال نمبر 2 - 20 نمدوں کی قیمت 4 روپے 14 آنے فی نمدہ کے حساب سے معلوم کیجیے؟

حل:-

ایک روپیہ فی نمدہ کے حساب سے 20 نمدوں کی قیمت = 20 روپے

4 روپیہ " " " " " = 80 روپے
(4×20)

8 آنے " " " " " " =
(20 روپے ÷ 2 = 10 روپے (8 آنے = ایک روپیہ کا نصف)

4 آنے " " " " " =
(10 روپے ÷ 2 = 5 روپے (4 آنے = 8 آنے کا نصف)

2 " " " " " " =
(5 روپے ÷ 2 = 2 روپے 8 آنے (2 آنے = 4 آنے کا نصف)

اسلئے 4 روپے 14 آنے کے حساب سے 20 نمدوں کی قیمت ۔

= 80 + 10 + 5 + 2 روپے 8 آنے

= 97 روپے 8 آنے جواب

[نوٹ کر لیا جائے 8 آنے فی نمدہ کے حساب سے 40 نمدوں کی قیمت = ایک روپیہ فی نمدہ کے حساب سے قیمت کا نصف

ایسے ہی 4 آنے فی نمدہ کے حساب سے 40 نمدوں کی قیمت = 8 آنے فی نمدہ کے حساب سے قیمت کا نصف وغیرہ وغیرہ]

مثال نمبر ج۔ فضل کریم نے 25 صندوق 3 روپے 10 آنے فی صندوق کے حساب سے خریدے بتائیے اُس نے کُل کتنی

رقم ادا کی۔ اگر وہ اِن صندوقوں کو 3 روپے 12 آنے فی صندوق کے حساب سے بیچدے تو اُسے کتنا روپیہ وصول ہوگا؟ اور وہ کتنا نفع کمائیگا؟

حل:-

ایک روپیہ فی صندوق کے حساب سے 25 صندوقوں کی قیمت = 25 روپے

3 " " " " " " =

25 روپے × 3 = 75 روپے

8 آنے " " " " " " =

25 روپے ÷ 2 = 12 روپے 8 آنے (کیونکہ 8 آنے نصف ہے ایک روپے کا)

2 آنے " " " " " =

12 روپے 8 آنے ÷ 4 = 3 روپے 2 آنے (کیونکہ 2 آنے چوتھائی حصہ ہے 8 آنے کا)

اسلئے 3 روپے 10 آنے فی صندوق کے حساب سے 25 صندوقوں کی قیمت = 75 روپے + 12 روپے 8 آنے + 3 روپے 2 آنے

= 90 روپے 10 آنے

روپے	آنے
75	0
12	8
3	2
90	10

پس فضل کریم نے 25 صندوق 90 روپے 10 آنے میں خریدے
اب اگر وہ 25 صندوق فی 3 روپے 12 آنے کے حساب سے بیچے
تو قیمت فروخت ایسے معلوم کریں گے؟

حل :-

ایک روپیہ فی صندوق کے حساب سے 25 صندوقوں کی قیمت فروخت = 25 روپے

3 روپیہ " " " " " " = 75 روپے

8 آنے " " " " " " = 25 روپے ÷ 2 = 12 روپے 8 آنے (8 آنے = ایک روپے کا آدھا)

4 آنے " " " " " " = 12 روپے 8 آنے ÷ 2 = 2 روپے 4 آنے (4 آنے = 8 آنے کا آدھا)

اسلیئے 3 روپے 12 آنے " " " " " "

= 75 روپے + 12 روپے 8 آنے + 6 روپے 4 آنے

= 93 روپے 12 آنے

روپے	—	آنے
75	—	0
12	—	8
6	—	4
93	—	12

پس فضل کریم نے 25 صندوق 93 روپے 12 آنے میں بیچے

اس سودے میں فضل کریم کا منافع = قیمت فروخت قیمت خرید

= 93 روپے 12 آنے - 90 روپے 10 آنے

= 3 روپے 2 آنے جواب

روپے	-	آنے
93	-	12
90	-	10
3	-	2

قیمت دریافت کرنے کا یہ طریقہ تجارت کا طریقہ کہلاتا ہے

اسے عموماً دکاندار لوگ استعمال کرتے ہیں۔ ایسے سوال تو ہم ضرب مرکب کے ذریعے بھی نکال سکتے ہیں لیکن تجارت کا طریقہ نام پسند ہے اور آسان بھی۔ کیونکہ اس میں ضرب اور تقسیم کا عمل عموماً زبانی کیا جا سکتا ہے۔

مشق نمبر 29

تجارت کے طریقے سے قیمت معلوم کیجیے؟

(1) 20 پنسلوں کی قیمت بحساب ساڑھے تین آنے فی پنسل؟

(2) 30 ٹوپیوں کی قیمت بحساب ڈیڑھ روپیہ فی ٹوپی؟

(3) 24 گز ریشم کی قیمت بحساب 4 روپے 8 آنے فی گز؟

(4) 5 جے بوٹوں کی قیمت بحساب 10 روپے 12 آنے فی بوٹ؟

(5) 10 سیر چائے کی قیمت بحساب 6 روپے 10 آنے فی سیر؟

(6) 15 خروار چاول کی قیمت بحساب 6 روپے 4 آنے فی خروار؟

(7) 100 صندوقوں کی قیمت بحساب 6 روپے 12 آنے فی صندوق

(8) مُولی ساڑھے چھ آنے و ٹی بکتی ہے۔ بتائیے 5 و ٹی مُولی کی کیا قیمت ہوگی؟

(9) عبد المجید نے 49 دواتیں ساڑھے چار آنے فی دوات کے حساب مول لیں۔ بتائیے اُس نے کیا قیمت ادا کی؟ اگر وہ اِن دواتوں کو پونے پانچ آنے فی دوات کے حساب سے بیچ ڈالے۔ تو اُسے کتنی رقم وصول ہوگی؟ اور کتنا فائدہ رہے گا؟

(10) رام لال نے 12 کتابیں ایک روپیہ چھ آنے فی کتاب خرید لیں۔ اور پھر ایک روپیہ سوا سات آنے کے حساب سے بیچ دیں۔ بتائیے اُسے خود کتنی قیمت دینی پڑی؟ کتابیں بیچ کر کیا قیمت وصول ہوئی۔ اور اس سودے میں اُسے کیا نفع رہا؟

امتحانی پرچے

پرچہ نمبر ۱

(1) (زبانی) ایک دکاندار ایک چھٹانک ریوڑیاں 2 آنے میں دیتا ہے لیکن ایک سیر پورے دو روپے میں۔ بتائیے ایک سیر ریوڑیاں اکٹھے خرید کرنے میں کتنا فائدہ ہو گا؟

(2) ایک قمیض پر 2 گز 12 گرہ کپڑا خرچ آتا ہے۔ ایک پاجامے پر 2 گز 4 گرہ اور ایک کوٹ پر 4 گز 6 گرہ۔ بتائیے 3 قمیضیں 4 پاجامے اور ایک کوٹ بنانے پر کتنا کپڑا خرچ ہو گا؟

(3) غلام رسول درزی ایک قمیض کی سلائی 12 آنے پاجامہ کی 8 آنے اور کوٹ کی 4 روپے 12 آنے طلب کرتا ہے۔ بتائیے 3 قمیضوں۔ 4 پاجاموں اور ایک کوٹ کی سلائی پر کیا خرچ آئے گا؟

(4) جموں سے اودھم پور کا فاصلہ 42 میل ہے۔ اگر اس سڑک کے دونوں طرف چالیس چالیس گز کے فاصلے پر آم کے درخت لگائے جائیں تو بتائیے کُل کتنے درخت

چاہیئے ہونگے؟

(5) زمین سورج کے گرد 365 دن 5 گھنٹے اور 49 منٹ میں پورا چکر لگاتی ہے۔ بتائیے وہ کتنے منٹ ہوئے؟

(6) 460 روپے کا سود ایک پیسہ فی روپیہ ماہوار کے حساب سے 9 ماہ کا کتنا ہوگا؟

پرچہ نمبر ۲

(۱) (زبانی) علی محمد ترکھان ایک دن میں پانچ روپے کماتا ہے۔ بتائیے اکتوبر کے مہینے میں اُس نے کتنے روپے کمائے ہونگے؟

پیر محمد اشرف فاضل

(۲) نور محمد بساطی نے یہ چیزیں خریدیں۔

4 درجن بنیان ایک روپیہ 2 آنے فی بنیان۔ 10 درجن موزے ایک روپیہ 2 آنے فی موزہ۔ 2 درجن چھتریاں فی چھتری 8 روپے 8 آنے۔ ایک گروس کھلونے۔ فی کھلونہ 3 آنے۔ 8 گروس بٹن 2 آنے فی درجن۔

بتائیے۔ اُس نے کُل کتنے روپے کا مال خریدا؟

(3) ایک گوجر کے پاس پونے دو من دودھ پیدا ہوتا ہے۔ اگر وہ شہر کے حلوائیوں کے پاس ساڑھے تین آنے فی سیر کے حساب دودھ بیچتا ہو۔ تو اس کی روزانہ آمدنی کیا ہوگی اور ماہوار آمدنی کیا؟

(4) ایک کاغذ کے تختے سے 8 صفحے بنتے ہیں۔ بتائیے ۹۰ صفحوں والی 6 درجن کاپیوں کے لئے کتنا کاغذ درکار ہوگا؟

(5) ایک لڑکا صبح 9 بجکر 45 منٹ کو گھر سے نکلا۔ اور شام کو 5 بجکر 25 منٹ پر گھر لوٹا۔ بتائیے وہ کتنی دیر گھر سے باہر رہا؟

(6) ۱۲ میل 7 فرلانگ 179 گز میں کتنا جمع کریں۔ کہ 18 میل 5 فرلانگ 137 گز بن جائیں؟

پرچہ نمبر 3

(1) (زبانی) ایک روپے میں ایک من گھاس آتی ہو۔ تو 3 آنے میں کتنی گھاس آئیگی؟

(2) سرینگر سے اننت ناگ تک کی سڑک 34 میل لمبی ہے اگر اس کے دونوں طرف چالیس چالیس گز کے فاصلہ پر چنار کے درخت لگائے جائیں۔ تو بتائیے ایک روپیہ فی چنار کے

حساب سے کُل کتنی لاگت آئے گی ؟

(3) ہماری نیشنل ملیشیا کی ایک پلٹن میں 732 سپاہی ہیں۔ اگر ہر ایک سپاہی کو ۱۰ چھٹانک دودھ روزانہ ملتا ہو۔ تو بتایئے ایک ماہ میں اس پلٹن میں کتنا دودھ خرچ ہوتا ہے ؟

(4) ایک مزدور کی ایک دن کی آمدنی 2 روپے ۱۱ آنے ہے۔ اور ایک ہفتے کا خرچ 14 روپے ۱۰ آنے 2 پیسے۔ بتایئے وہ ایک ہفتے میں کتنا بچائیگا ؟

(5) ایک ململ کا تھان 22 گز ۱۱ گرہ لمبا ہے۔ بتایئے اُس میں سے کتنی پگڑیاں 6 گز 4 گرہ لمبی بن سکتی ہیں۔ اور کتنا کپڑا باقی بچ رہے گا ؟

(6) سوال نمبر 5 میں اگر ایک تھان ململ کے بدلے دو تھان ململ ہوں۔ تو بتایئے کُل کتنی پگڑیاں بنینگی اور کتنا کپڑا بچ جائیگا ؟

پرچہ نمبر 4

(زبانی)

(1) نمک ساڑھے چھ آنے سیر بکتا ہے۔ 3 پاؤ نمک کتنے میں ملیگا ؟

(2) ایک آدمی کا قدم 18 انچ ہے۔ بتایئے ایک میل چلنے میں

کتنے قدم اُٹھائے گا؟

(3) گرمیوں میں ہمارا سکول پونے سات بجے لگتا ہے اور ساڑھے بارہ بجے بند ہوتا ہے۔ بتائیے سکول کتنے گھنٹے تک لگتا ہے؟

(4) سرینگر کا ایک اخبار 2 تختے کاغذ پر چھپتا ہے۔ اگر اُس کی اشاعت 3000 روزانہ ہو۔ تو ایک دن میں اُس اخبار پر کتنے رم کاغذ خرچ ہوتا ہے؟

(5) سرینگر سے جموّں تک ایک من مال کا کرایہ 3 روپے ہو۔ تو 37 من 25 سیر وزن کے مال پر کتنا کرایہ لگ سکتا ہے؟

(6) اگر 24 گز گُمٹی کی قیمت 39 روپے ہو۔ تو 13 گز کی قیمت کیا ہوگی؟

پرچہ نمبر 5

(۱) (زبانی) ایک انار ڈھائی آنہ میں بکتا ہے۔ ایسے دو درجن انار کتنے میں ملیں گے؟

(2) محمد افضل جولاہا ایک دن میں 3 گز کپڑا بُنتا ہے۔ اگر اُس کپڑے کا بھاؤ۔ سوا روپیہ فی گز ہو۔ تو بتائیے یہ جولاہا ہر

روز کام کر کے ایک مہینے میں کتنے روپے کا کپڑا بُن لیگا؟

(3) بارہ مولہ کے کچھ آدمیوں نے شرنارتھیوں کے لئے چندہ جمع کیا۔ اگر ہر ایک شخص نے سوا سوا روپیہ چندہ دیا ہو۔ اور کُل چندہ 242 روپے 8 آنے جمع ہو گیا ہو۔ تو بتایئے کُل کتنے آدمیوں نے چندہ دیا؟

(4) ایک دھوکے باز بزاز کا گز ایک گرہ کم ہے۔ اُس بزاز نے ایک آدمی کو 24 گز کپڑا اُسی گز سے ماپ کر بیچا۔ بتایئے گاہک کو کتنا کپڑا کم ملا؟ اگر اس کپڑے کا بھاؤ 2 روپے فی گز ہو۔ تو اُس بزاز نے کتنے روپے دھوکا بازی سے کمائے؟


(5) اگر بنولے 1 روپے کے 9 سیر بکتے ہوں۔ تو 3 من 14 سیر 7 چھٹانک بنولوں کی قیمت معلوم کیجئے؟

(6) باندی پورہ سے گریز تک کی نئی سڑک ہمارے فوجیوں نے 10 مارچ 1948ء کو بنانی شروع کی۔ اور 8 جون 1948ء تک مکمل کر دی۔ بتایئے وہ سڑک بنانے میں فوجیوں کو کُل کتنے دن لگے؟

ڈاک خانہ

رجسٹرڈ چٹھیاں اور پارسل

(کرایہ ڈاک و رجسٹریشن فیس)



جو چٹھیاں (پوسٹ کارڈ اور لفافے) ہم لیٹر بکس میں ڈالتے ہیں وہ ڈاک خانے کے ذریعے جہاں بھیجی جائیں وہاں مناسب وقت پر پہنچ کر تقسیم تو ہوتی ہیں لیکن اُن کا اندراج ڈاک خانہ کے کسی رجسٹر میں نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی اُن کیلئے ہمیں ڈاک خانہ سے کوئی رسید ملتی ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ ہماری چٹھی کو دیئے ہوئے پتہ تک پہنچانے کیلئے ڈاک خانہ

خاص طور پر ذمہ واری لے اور ہمیں اُس چٹھی کی رسید بھی دے تو ہمیں وہ چٹھی ڈاک خانہ میں رجسٹرڈ کرانی پڑتی ہے اور ایسا کرنے کے لئے ہمیں نیچے دی ہوئی شرح سے کرایہ ڈاک اور رجسٹریشن فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔

	کرایہ ڈاک	رجسٹریشن فیس
پوسٹ کارڈ	3 پیسے	4 آنے
لفافہ ایک تولہ وزن تک	2 آنے	4 آنے
" ایک تولہ کے وزن سے زیادہ	1 آنہ فی تولہ	×

گویا رجسٹریشن فیس ہر پوسٹ کارڈ یا چٹھی کے لئے 4 آنے ہے لیکن کرایہ ڈاک وزن کے حساب سے لگتا ہے۔

مثال نمبر ا۔ 3 تولے وزن کی ایک چٹھی پر رجسٹری کرانے کا کیا خرچ آئے گا

حل۔ رجسٹریشن فیس = 4 آنے

کرایہ ڈاک پہلے تولے کیلئے = 2 آنے

" باقی دو تولوں کیلئے = 2 آنے

اسلئے کُل خرچ = 8 آنے

پس 3 تولے وزن کی چٹھی پر رجسٹری کرانے کا خرچ 8 آنے آئیگا۔

(نوٹ) یاد رکھیئے کہ کرایہ ڈاک پورے تولوں پر لیا جاتا ہے اور ایک سے کم تولے کا وزن کرایہ کے لئے ایک تولہ مانا جاتا ہے۔

مثال نمبر 2 - ایک چٹھی ساڑھے چار تولے وزن کی ہے۔ بتایئے - اس پر رجسٹری کرانے کا کیا خرچ آئیگا؟

حل - رجسٹریشن فیس = 4 آنے
کرایہ ڈاک پہلے تولے کیلئے = 2 آنے
" باقی تین تولوں کیلئے = 4 آنے
اسلئے کل خرچ = 10 آنے جواب

پارسل

چٹھیوں کی طرح پارسل بھی ڈاک خانہ کے ذریعہ دئیے ہوئے پتہ پر بھیجے جاتے ہیں لیکن پارسل کا عموماً رجسٹری کیا جانا مناسب ہے۔ پارسلوں کیلئے کرایہ ڈاک اور رجسٹریشن فیس نیچے دی ہوئی شرح سے لی جاتی ہے۔

	کرایہ ڈاک		رجسٹریشن فیس
پہلے چالیس تولے وزن تک	6 آنے	+	4 آنے
مزید ہر چالیس تولے یا اس کے کسی حصے کیلئے	6 آنے		

مثال نمبر 3۔ 65 تولے وزن کے پارسل کو رجسٹری کرانے کا خرچ معلوم کیجئے۔

[حل رجسٹریشن فیس = 4 آنے
کرایہ ڈاک پہلے 40 تولے وزن کیلئے = 6 آنے
" مزید 25 تولوں کے لئے = 6 آنے

کُل خرچ
= ایک روپیہ جواب]

مشق نمبر 30

(1) بتائیے چٹھیاں رجسٹرڈ کرانے کا کیا فائدہ ہے؟

(2) 2 تولے وزنی چٹھی پر کرایہ ڈاک کیا لگے گا؟ اور رجسٹریشن فیس کیا؟

(3) ساڑھے پانچ تولے وزن کی چٹھی پر رجسٹری کرانے کا کُل کیا خرچ آئے گا؟

(4) ایک پارسل 75 تولے وزن کا ہے۔ بتائیے اِس کو رجسٹری کرانے پر کیا خرچ ہو گا؟

نیچے دئے ہوئے پارسلوں اور چٹھیوں پر کرایہ ڈاک اور رجسٹریشن فیس ملا کر کُل کتنا خرچ آئیگا؟

(5) 90 تولے وزن کے پارسل پر۔

(6) 125 تولے " "

(7) 200 تولے " " "

(8) ساڑھے ستاسی تولے وزن کے پارسل پر

(9) 6 تولے وزن کی چٹھی پر

(10) ڈیڑھ تولے وزن کی چٹھی پر۔

(11) ساڑھے آٹھ تولے وزن کی چٹھی پر۔

(12) 16 تولے وزن کی چٹھی پر۔

(13) 16 تولے وزن کے پارسل پر۔

(14) 35 تولے وزن کے پارسل پر۔

(15) 80 تولے " "

(16) 81 " " "

(نوٹ) (۱) پوسٹ کارڈ اور چٹھیاں کرایہ ڈاک ادا کئے

بغیر بھی ڈاک خانہ کے ذریعے دیئے ہوئے پتہ پر بھیجی جاسکتی ہیں۔ بسکن ایسے پوسٹ کارڈ ولفافہ پر وصول کُنندہ سے دُگنا کرایہ ڈاک لیا جاتا ہے۔ اِن کو بیرنگ چِٹھیاں کہتے ہیں۔

اگر کسی چِٹھی پر غلطی سے کم قیمت کی ٹکٹ لگی ہو۔ تو چِٹھی کے وصول کُنندہ سے کمی کا دُگنا لیا جاتا ہے اور اگر وہ اِس چِٹھی کے لینے سے انکار کرے تو چِٹھی بھیجنے والے کے نام وہ چِٹھی واپس آتی ہے۔ اور اُس سے دُگنا کرایہ ڈاک وصول ہوتا ہے۔


(۲) معمولی پارسل رجسٹریشن فیس دیئے بغیر عام ڈاک کے ساتھ بھی بھیجے جاسکتے ہیں۔ ایسے پارسلوں کو اَن رجسٹرڈ (یعنی بنا رجسٹری کئے) پارسل کہتے ہیں۔ اِن پر صرف مناسب کرایہ ڈاک لیا جاتا ہے۔ اور اِن کے لئے کوئی رسید ڈاک خانہ سے نہیں ملتی۔

(۳) ہم ڈاک خانہ کے ذریعہ نقدی بھی جس کو اور جہاں

چاہیں بھیج سکتے ہیں۔ اس کے لئے ڈاک خانہ سے ایک خاص فارم مفت مہیا کیا جاتا ہے۔ اِسکو منی آرڈر فارم کہتے ہیں۔ یہ فارم روپیہ بھیجنے والا پُر کرتا ہے۔ اِس پر اُس شخص کا نام اور پتہ دیا جاتا ہے جس کے نام روپیہ بھیجنا ہو۔ اور اِس کے علاوہ نقدی بھیجنے والے کا نام اور پتہ اور نقدی کی رقم درج کی جاتی ہے۔ منی آرڈر کرنے کیلئے ڈاک خانہ کو ۲ آنے ہر دس روپیہ اور اس سے کم رقم کے لئے بطورِ فیس ادا کرنی پڑتی ہے

سیدھے خطوں کی پیمائش[ط]

مشق نمبر 3 (زبانی و عملی)




(1) اپنا مسطر اٹھائیے۔ اور گِن کر بتائیے۔ اِس میں کتنے انچ ہیں؟

(2) یہ ایک سیدھا خط ہے۔ اپنے مسطر سے اسکو ماپیے۔ کتنے انچ لمبا ہے؟

(3) ایک سیدھا خط 2 انچ لمبا کھینچیے۔

(4) اپنے مسطر سے 5 انچ لمبا ایک خط کھینچیے۔



(5) اِس شکل کی چار طرفیں ہیں اسکی چاروں طرفوں کی لمبائی الگ الگ ماپ لیجیے۔

(6) اپنے حساب کی کتاب کے سرورق کی لمبائی اور چوڑائی ماپیے۔

ط بچوں کو مسطر (6 انچ و 12 انچ لمبے اور گز مہیا کیے جائیں نیز اُن کو لمبائی و چوڑائی وغیرہ کا اندازہ کرنے کی مشق بھی ساتھ ساتھ کرائی جائے۔ اور اُن کے اندازہ کی پڑتال بھی کرائی جائے +

(7) اپنی کلاس کا بلیک بورڈ ماپیئے۔ بتایئے ہر ایک طرف کِتنے فٹ اور کِتنے انچ لمبی ہے؟

(8) اپنی کلاس کی ایک چٹائی کی لمبائی اور چوڑائی گزوں اور گِرہوں میں ماپیئے۔

(9) اپنی کلاس کے صندوق کی لمبائی۔ چوڑائی اور اونچائی فٹوں اور انچوں میں ماپیئے۔

(10) اپنے کمرے کی لمبائی اور چوڑائی گزوں۔ فٹوں اور انچوں میں ماپیئے؟

(11) اب برآمدے کی لمبائی اور چوڑائی گزوں اور گِرہوں میں ماپیئے؟

(12) اپنے سکول کے صحن کے چاروں طرف سے ماپیئے۔ اور بتایئے ہر ایک طرف کِتنے گز لمبا ہے۔

مستطیل اور مربع کا تصور


مشق نمبر 32 (زبانی و عملی)

(1) بتائیے آپ کی کلاس کے بلیک بورڈ کے کتنے کنارے ہیں؟ ان کناروں کو ماپ کر بتائیے کہ کون کون سے کنارے آپس میں برابر ہیں؟

(2) اپنے کلاس کی دری یا چٹائی کو چاروں طرف سے ماپئیے اور بتائیے کون کون سی طرفیں آپس میں برابر ہیں؟

(3) اپنی حساب کتاب کے سرورق کے کنارے ماپئیے اور اطمینان کیجئے کہ اس کے مقابل کے کنارے آپس میں برابر ہیں؟

(4) اس شکل کے چاروں کنارے ماپئیے۔ اور بتائیے کون کون سے کنارے آپس میں برابر ہیں؟ کیا اس کے ساتھ کے کنارے آپس میں برابر ہیں؟ (نہیں)



(5) بتائیے کیا یہ سب شکلیں آپس میں ملتی جلتی ہیں (ہاں)
ایسی شکلوں کو مستطیل کہتے ہیں۔

پس (1) مستطیل کے چار کنارے ہوتے ہیں۔

(2) اس کے مقابل کے کنارے برابر ہوتے ہیں۔

(3) پاس پاس کے کنارے برابر نہیں ہوتے ہیں۔


(4) پاس پاس کے کنارے ایک دوسرے پر بالکل سیدھے کھڑے ہوتے ہیں

(نوٹ) کنارے کو ضلع بھی کہتے ہیں۔

(6) اس شکل کے چاروں ضلعے ماپیئے



سب آپس میں برابر ہیں۔
یہ بھی ایک مستطیل ہے لیکن چونکہ اس کے
سب ضلعے برابر ہیں۔ اس کو مربع کہتے ہیں۔



(7) بتائیے ان شکلوں میں
کون کونسی شکل مستطیل
ہے اور کون کونسی مربع

(8) مستطیل اور مربع میں کیا فرق ہے؟

(9) بتائیے یہ چیزیں کس شکل کی ہیں:-
آپ کے کمرے کی دیوار، دری، سلیٹ، کتاب کا صفحہ، میز کا اوپر کا حصہ، بلیک بورڈ، چٹائی۔


(10) اپنی نقشہ کاپی کا ایک صفحہ کھولئے اور بتائیے کہ یہ خانے کس کس شکل کے ہیں؟ ان میں سے کسی ایک خانہ کی لمبائی اور چوڑائی ناپئے اور اطمینان کیجئے کہ اس کی لمبائی ایک انچ ہے اور چوڑائی بھی ایک انچ۔ ایسے مربع کو جس کی لمبائی و چوڑائی ایک ایک انچ ہو ہم ایک مربع انچ کہیں گے۔

رقبہ

مشق نمبر 33 (عملی)

(1) اپنی مربع دار نقشہ کاپی کھولئے اور ایک مستطیل کاٹ لیجئے۔ جس کا ایک طرف 2 انچ لمبا اور دوسرا

ایک انچ




یہ طرف دو انچ لمبا ہے

ایک انچ لمبا۔ بتائیے اُس مستطیل میں کتنے انچ بن سکتے ہیں؟
درمیان سے کاٹ کر بتائیے۔

(2) مربّع دار کاغذ کے ایک ورق سے ایک مستطیل کاٹ لیجئے جس کی لمبائی 3 انچ ہو اور چوڑائی ایک انچ۔ بتائیے اس مستطیل میں کتنے مُربّع انچ ہیں؟ کاٹ کر بتائیے۔

(3) مُربّع کاغذ سے ایک مستطیل کاٹ لیجئے۔ جس کا ایک ضلع 3 انچ اور دوسرا 2 انچ ہو۔ کاٹ کر دکھائیے کہ اِس میں 6 مُربّع انچ ہیں



2 انچ چوڑائی


3 انچ لمبائی

[یعنی 3 انچ لمبے اور 2 انچ چوڑے مستطیل کاغذ کے 2×3

یعنی 6 مربع انچ بن گئے]

(4) مربع دار رنگدار کاغذ سے ایک مستطیل کاٹیے جس کا ایک ضلع 4 انچ ہو۔ اور دوسرا ضلع 2 انچ پھر اس کو ایک ایک انچ کے فاصلے پر چاروں طرف سے تہ دے دے کر کھولئے اور گن کر بتائیے اس مستطیل کے کتنے مربع انچ بن گئے۔ ان کو اب قینچی سے کاٹ کر اس بات کا اطمینان کیجئے کہ 4 انچ لمبے اور 2 انچ چوڑے مستطیل کے 4×2 یا 8 مربع انچ بن جاتے ہیں۔

(5) نقشہ کاپی پر مسطر کی مدد سے ایک مربع بنائیے جس کا ضلع 5 انچ ہو۔ گن کر دکھائیے کہ اس مربع میں 5×5 چھوٹے مربعے ہیں۔



5 انچ

(25 = 5×5)

مربع انچ

بس 5 انچ ضلع والے مربع میں 5×5 یا 25 مربع انچ ہوتے ہیں

8 انچ

6 انچ



(48 = 6×8 انچ)

مربع انچ


(6) ایک مستطیل کاٹیے جس کا ایک ضلع 8 انچ ہو اور دوسرا ضلع 6 انچ۔ ایک ایک انچ کے فاصلے پر

تہ دے دے کر یا قینچی سے کاٹ کر دکھایئے کہ ۴۸ ہی مستطیل ہیں

8 × 6 یعنی 48 مربع انچ ہیں۔

پس آپ نے دیکھ لیا کہ 8 انچ لمبا اور 6 انچ چوڑا مستطیل

8 × 6 یا 48 مربع انچوں کی جگہ گھیرتا ہے



(ایک مربع فٹ = 144 مربع انچ)

(7) مربع دار کاغذ کا ایک بڑا تختہ لیجیئے جس کا ہر ضلع ایک فٹ یعنی 12 انچ ہو۔ اور اوپر کے طریق سے اس کے ایک انچ لمبے اور ایک انچ چوڑے خانے بنایئے اور گن کر بتایئے اس بڑے مربع کے کتنے خانے بن گئے۔

بڑا مربع جس کا ہر ضلع ایک فٹ ہے ایک مربع فٹ کہلاتا ہے


پس ہم نے دیکھ لیا۔ کہ ایک مربع فٹ = 144 مربع انچ

گویا ایک مربع فٹ اتنی ہی جگہ گھیرتا ہے۔ جتنی کہ

12 × 12 یا 144 مربع انچ گھیرتے ہیں۔

(8) اپنے سکول کے صحن میں ایک ایسا مربع بنایئے جس کا

ہر ضلع ایک گز ہو۔ اس مربع کو مربع گز کہتے ہیں۔



ایک مربع گز = 3 × 3 یا 9 مربع فٹ

اس مربع کے مقابل کے ضلعوں پر ایک ایک فٹ کے فاصلے پر نشان لگائیے۔ اور پھر ان نشانوں کو سیدھے خطوں کے ذریعے ایسے ملائیے جیسے اس شکل سے ظاہر ہے۔

اب بتائیے کہ ایک مُربّع گز میں کتنے مُربّع فٹ بن گئے؟
گنئے تو معلوم ہوگا کہ

ایک مُربّع گز = 9 مُربّع فٹ

بس ایک مُربّع گز اُتنی جگہ گھیرتا ہے جتنی کہ 3×3
یا 9 مُربّع فٹ۔
کوئی شکل جو جگہ گھیر لے۔ اُسے اُس شکل کا رقبہ
کہتے ہیں۔
اوپر کے مثالوں سے ہم نے سیکھ لیا کہ

مُستطیل کا رقبہ = لمبائی × چوڑائی

اور

مُربّع کا رقبہ = ضلع × ضلع

رقبہ ماپنے کے پیمانے

انگریزی

۱۴۴ مربع انچ کا ایک مربع فٹ

۹ مربع فٹ کا ایک مربع گز

مشق نمبر 34

(1) ایک مربع گز میں کتنے مربع فٹ خانے بن سکتے ہیں؟

2 " " " " " ؟

3 " " " " " ؟

(2) ایک مربع فٹ میں کتنے مربع انچ خانے بن سکتے ہیں؟

2 " " " " " ؟

3 " " " " " ؟

(3) ایک مستطیل 3 انچ لمبی اور 2 انچ چوڑی ہے۔ اُس میں کتنے مربع انچ ہونگے؟ مربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھایئے؟

(4) ایک مُستطیل 14 انچ لمبی اور 3 انچ چوڑی ہے۔ اُس میں کِتنے مُربع انچ ہونگے؟ مُربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھائیے؟

(5) ایک مُستطیل 15 انچ لمبی اور ایک انچ چوڑی ہے اُس میں کِتنے مُربع انچ ہونگے؟ مُربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھائیے؟

(6) ایک مُربع کا ضلع ۲ انچ ہے۔ اُس میں کِتنے مُربع انچ ہونگے؟ مُربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھائیے؟

(7) ایک مُربع کا ضلع ۳ انچ ہے۔ اُس میں کِتنے مُربع انچ ہونگے؟ مُربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھائیے؟

(8) ایک مُربع کا ضلع 5 انچ ہے۔ اُس میں کِتنے مُربع انچ ہونگے؟ مُربع دار کاغذ کے ذریعے عملی طور پر دکھائیے؟

(9) ایک کتاب کا ورق 7 انچ لمبا اور 5 انچ چوڑا ہے بتائیے اِس میں کِتنے مُربع انچ بن سکتے ہیں؟

(10) ایک کمرہ 15 فٹ لمبا اور 12 فٹ چوڑا ہے۔ اُس کا

رقبہ کتنے مربع فٹ ہوگا؟

(11) ایک مستطیل کھیت کی لمبائی 34 گز اور چوڑائی 27 گز ہے۔ اس کا رقبہ کتنے مربع گز ہوگا؟

(12) ایک کاغذ کا تختہ 12 انچ لمبا اور 8 انچ چوڑا ہے اس کا رقبہ معلوم کیجئے؟

(13) ہمارا باغ 36 گز چوڑا اور 53 گز لمبا ہے۔ اس کا رقبہ گزوں میں معلوم کیجئے؟

(14) ایک مربع دری کا ضلع 24 فٹ ہے۔ اس کا رقبہ کتنا ہوگا؟

(15) ایک کمرہ 6 گز چوڑا اور 8 گز لمبا ہے۔ اس کا رقبہ مربع فٹوں میں معلوم کیجئے؟

(16) ایک مربع کھیت کا ضلع 52 گز ہے۔ اس کا رقبہ کیا ہوگا؟

(17) ہمارے سکول کے صحن کی چوڑائی 10 گز ہے اور لمبائی اس سے ڈیوڑھی گنی۔ صحن کا رقبہ معلوم کیجئے؟

(18) ہمارا کھیل کا میدان 440 گز لمبا ہے۔ اور اس کا نصف چوڑا۔ میدان کا رقبہ نکالئے؟


مستطیل کھینچنا


مشق نمبر 35 (زبانی وعملی)

(1) اپنی سلیٹ بلیک بورڈ کے ساتھ بائیں ہاتھ سے دبا کر دائیں ہاتھ سے چاک کے ذریعہ اس کا خاکہ کھینچئے۔ بتایئے یہ خاکہ کس شکل کا ہے؟

(2) بلیک بورڈ پر ایک مستطیل بنایئے جس کی لمبائی اور چوڑائی آپ کے حساب کی کتاب کی لمبائی اور چوڑائی کے برابر ہو؟

(3) اس مستطیل کا خاکہ اتاریئے؟






(4) ایک مستطیل کھینچئے جس کی لمبائی 2 انچ اور چوڑائی ایک انچ ہو؟

[نقشہ کاپی کے مربع دار کاغذ پر تو ہم نے کئی ایسے ہی مستطیل کھینچے بھی اور کاٹے بھی۔ اب ہم خالی مسطر

کی مدد سے ایسے مستطیل کھینچنا سیکھیں گے]




ایک خط ۲ انچ لمبا کھینچئے اور اپنے مسطر کو

اس خط کے ساتھ بائیں ہاتھ سے دبا کر رکھئے

پھر کسی دوست کا مسطر لیکر اُسے اس خط کے ایک کنارے کے ساتھ بالکل سیدھا ایسے کھڑا کیجئے جیسا اس شکل سے ظاہر ہے اب لمبا مسطر چھوڑ دیجئے اور دوسرے مسطر کے نچلے کونے سے شروع کر کے اسکے ساتھ ساتھ ایک خط ایک انچ لمبا اوپر کی طرف کھینچئے۔ دیکھئے ایک سیدھا کونہ بن گیا۔ جس کا ایک طرف ۲ انچ لمبا ہے اور دوسرا طرف ایک انچ۔

اب کھڑے خط کے ساتھ لگا ہوا مسطر بائیں ہاتھ سے دبا کر رکھئے اور دوسرے مسطر کا چھوٹا کنارہ کھڑے خط کے اوپر کے سرے کے سیدھ میں پہلے مسطر کیساتھ لگائیے اور ایک اور خط ۲ انچ لمبا کھینچئے۔

جیسا دوسری شکل سے ظاہر ہے۔



اب اس تیسرے خط کا آخری سرا
پہلے خط کے پہلے سرے کے
ساتھ مسطر کی مدد سے جوڑ
دیجئے ایک مستطیل بن گئی۔ یہ آخری کنارہ مسطر سے ناپئے یہ
بھی مقابل کے کنارے کی طرح ایک انچ لمبا ہے۔

پس مسطروں کی مدد سے ہم نے ایک مستطیل کھینچ لیا۔

[(نوٹ) ہم ایسے مستطیل درزی کے آئرن اینگل (^) یا
ترکھان کے ایل (L) یا ٹی (T) کی مدد سے آسانی کے ساتھ
کھینچ سکتے ہیں۔ اگر یہ دستیاب ہو سکیں تو اچھا۔ ورنہ خالی
مسطر سے مستطیل کھینچی جائے]

(5) ایک مستطیل کھینچئے جس کی لمبائی 3 انچ اور چوڑائی 2 انچ ہو؟

(6) ایک ایسی مستطیل بنائیے جس کے مقابل کے ضلعوں کی ایک
جوڑی 3 انچ لمبی ہو۔ اور دوسری جوڑی ایک انچ۔

(7) ایک مربع کھینچئے جس کا ہر ضلع ایک انچ ہو؟

(سوال نمبر 5 یا 6 کے عمل کو دھرائیے لیکن احتیاط رکھیے کہ ہر ضلع ایک انچ لمبا ہو)

(8) ایک ایسا مربع کھینچیے جس کا ہر ضلع 2 انچ لمبا ہو؟

(9) 3 انچ ضلع والا ایک مربع میطروں کی مدد سے کھینچیے


(10) اپنی نقشہ کاپی بک کے مربع دار کاغذ سے ایک مربع کاٹ لیجیے جس کا ہر ضلع 3 انچ لمبا ہو۔ اس مربع کو سوال نمبر 9 میں کھینچے ہوئے مربع کے اوپر احتیاط سے رکھ کر دکھاؤ کہ دونوں مربع برابر ہیں۔

(11) مربع دار کاغذ سے ایک مستطیل کاٹیے۔ جس کا ایک ضلع 3 انچ ہو اور دوسرا 2 انچ۔ اور اس مستطیل کو سوال نمبر 5 میں کھینچی ہوئی مستطیل کے اوپر رکھ کر اطمینان کیجیے کہ دونوں مستطیل برابر ہیں۔

(مربع اور مستطیل بناتے وقت جو کونے بن جاتے ہیں۔ اُن کو ہم سیدھے کونے کہیں گے۔

سیدھے کونے جبھی بنتے ہیں۔ جب ایک خط دوسرے پر بالکل سیدھ میں کھڑا ہو)


(12) اِن شکلوں کو دیکھئے۔ مختلف کونوں پر مختلف نمبر لگے ہیں۔



بتائیے کون کون سا کونہ سیدھا ہے۔ اور کون نہیں؟

(13) اپنی کلاس کے کمرے میں بتائیے کون کون سا سیدھا کونہ ہے؟

(14) اپنی کلاس کے صندوق پر ہر ایک سیدھا کونہ چاک سے دِکھائیے؟



جوابات

مشق نمبر ۱

(۱) دس ۔ بیس ۔ تیس ۔ پچاس ۔ اسی ۔ ایک سو ۔ چار سو
پندرہ ۔ اُنیس ۔ چھبیس ۔ سینتیس ۔ اٹھاون ۔ بیانوے
چوراسی ۔ ایک سو چھیالیس ۔ تین سو سینتالیس ۔ پانچسو اکسٹھ
چھ سو بیانوے ۔ تین سو بیس ۔ چار سو آٹھ ۔ سات سو
نربانوے ۔ ایک ہزار ۔ چار ہزار پانچسو ستاسی ۔ چھ ہزار تین
سو نوے ۔ نو ہزار پچاس ۔ تیرہ ہزار پانچسو اُناسی ۔ پینتالیس
ہزار اٹھانوے

(2) 128 - 96 - 79 - 62 - 55 - 46 - 19 - 16 - 8
- 7952 - 4302 - 931 - 609 - 225 - 195
40982 - 50780 - 26307 - 22901

(3) ایک لاکھ ۔ چار لاکھ پانچ ۔ چھ لاکھ ستائیس ۔ آٹھ لاکھ
چھ سو اٹھائیس ۔ تئیس لاکھ چار ہزار پانچسو ترسٹھ ۔ پینتیس لاکھ

بیاسی ہزار چار سو اڑتیس۔ چوالیس لاکھ چونسٹھ ہزار ایک سو تئیس

(4) دو کروڑ چھپن لاکھ سنتالیس ہزار آٹھ سو نو۔ چار کروڑ
بتیس لاکھ اڑتیس ہزار نو سو تیرہ۔ چھ کروڑ آٹھ لاکھ چھتیس ہزار
دو سو چھ۔ دو کروڑ انتیس لاکھ آٹھ ہزار ایک۔ چوبیس کروڑ
پینتیس لاکھ ساٹھ ہزار سات سو اسی۔ پچاس کروڑ چالیس
لاکھ بہتر ہزار نو۔ اڑتیس کروڑ پانچ لاکھ اٹھارہ۔

(5) 446922 - 3707055 - 44206006 - 8248379

مشق نمبر 2

(1) 107775 لڑکے (2) 38665000 (3) 17966 لڑکیاں

(4) 295836 (5) 15812 (6) 2283000

(7) 113797 (8) 207787، 17133 (9) 879646

(10) 120372348 (11) 1118877 (12) 888889

(13) 207517392 (14) 811155604

(15) 77603472 (16) 529838592

(17) 94449672 (18) 170963 باقی ایک

(19) 53398 اور باقی 47 ۔ (20) 61731 باقی 203

(21) 54811 اور باقی 335 (22) 37960 اور باقی 303

(23) 239517 روپے (24) 3185 روپے (25) 960 روپے

مشق نمبر 4

(1) 120 سیر ۔ 320 سیر ۔ 480 سیر (2) 48 پاؤ ۔ 108 پاؤ

156 پاؤ (3) 25 تولے ۔ 45 تولے ۔ 70 تولے (4) 84 ماشے

132 ماشے ۔ 228 ماشے ۔ (5) 56 رتیاں ۔ 72 رتیاں

120 رتیاں (6) 256 رتیاں (7) 750 رتیاں (8) 137 ماشے

(9) 583 ماشے (10) 815 ماشے (11) 74 تولے (12) 288 تولے

(13) 264 چھٹانگ (14) 569 چھٹانگ (15) 92 ترک

(16) 215 ترک (17) 489 ترک (18) 7137 تولے

(19) 151 آدمی (4 چھٹانک = ایک پاؤ ۔ (20) 20 آنے

(21) 43 روپے - 13 آنے - 2 پیسے (22) 1132 باٹیں (23) 296

چھٹنیاں (24) 3 خروار 2 ترک

مشق نمبر 6

(1) 4 ماشے 2 رتی (2) 11 ماشے 5 رتی (3) 10 ماشے 7 رتی (4) 2 تولے 2 ماشے 5 رتی (5) 3 تولے 3 ماشے 1 رتی (6) 3 چھٹانک 4 تولے 1 ماشے 3 رتی (7) 4 چھٹانک 1 تولہ 2 ماشے 5 رتی (8) 1 چھٹانک 4 تولے 5 ماشے 3 رتی (9) 2 سیر 6 چھٹانک 2 تولے (10) 25 سیر 11 چھٹانک 1 تولہ (11) 3 سیر 3 چھٹانک 3 تولے 8 ماشے (12) 5 من 16 سیر 13 چھٹانک (13) 7 من 33 سیر 4 چھٹانک (14) 2 من 5 سیر 7 چھٹانک 1 تولہ 5 ماشے (15) 78 یوم (16) 13 من 26 سیر (17) کل بیراتی 5 36 کل مٹھائی 4 من 22 سیر 8 چھٹانک

مشق نمبر 7

(1) 4 من 3 2 سیر (2) 14 من 14 سیر (3) 8 تولے 5 ماشے (4) 7 من 20 سیر 5 چھٹانک (5) 16 من 29 سیر 12 چھٹانک (6) 32 خروار 2 ترک (7) 21 سیر 15 چھٹانک 4 تولے

(8) 16 چھٹانک 4 تولے 1 ماشہ (9) 12 تولے 3 ماشے 6 رتی

مشق نمبر 8

(1) 5 من 6 سیر 12 چھٹانک (2) 7 من 28 سیر 2 چھٹانک

(3) 4 خروار 10 ترک (4) 11 من 2 سیر 5 چھٹانک

(5) 30 خروار 11 ترک (6) 12 چھٹانک (7) 2 تولے 9 ماشے 6 رتی (8) 22 سیر 13 چھٹانک (9) 12 سیر 14 چھٹانک

(10) 6 سیر 3 چھٹانک۔

مشق نمبر 9

(1) 35 سیر (2) 2 من 29 سیر 6 چھٹانک (3) 131 من 7 سیر (4) 11 من 4 سیر (5) 7 تولے 6 ماشے

(6) 3 خروار 12 ترک (7) 108 من 20 سیر 10 چھٹانک

(8) 135 خروار 15 ترک (9) 286 [illegible] 1 سیر 8 چھٹانک

(10) 283 چھٹانک 3 تولے 7 ماشے (11) 99 تولے 6 رتی!

(12) 568 من 18 سیر 12 چھٹانک (13) 6338 خروار 4 ترک

مشق نمبر ۱۵

(1) 2 من 29 سیر (2) 1 من 9 سیر (3) 18 سیر (4) 5 سیر ۱۰ چھٹانک (5) 2 من 4 سیر 6 چھٹانک (6) ۱ من 31 سیر ۱۱ چھٹانک باقی 5 چھٹانک (7) 2 خروار 5 ترک باقی 14 ترک (8) 6 خروار 8 ترک (9) ۱ سیر ۱ چھٹانک ۱ تولہ (10) ۱ تولہ 2 ماشہ باقی 44 ماشے (11) ۱ تولہ 3 ماشے 3 رتی باقی 3 رتی (12) ۱ سیر 8 چھٹانک 4 تولے باقی 9 ماشے (13) 4 کانٹے (14) 45 بار (15) ایک روپیہ اور 60 روپے (16) 9200 لڑکے

مشق نمبر ۱۱

(1) 133 انچ (2) 162 انچ (3) 322 انچ (4) 83 فٹ 124 فٹ (5) 660 فٹ (6) 4845 فٹ (7) 3017 فٹ (8) 5280 گز (9) 880 گز (10) 8237 گز (10) 6 فٹ 11 انچ ــ ۱۱ فٹ 5 انچ (11) ۱۰ گز 2 فٹ 18 گز ایک فٹ

(12) 14 گز 2 فٹ ۔ 34 گز 2 فٹ (13) 2 فرلانگ 2۔ فرلانگ 160 گز ۔ 5 فرلانگ 135 گز (14) 1 میل 240 گز ۔ 2 میل 555 گز (15) 8 میل 4 فرلانگ 2 6 گز 1 فٹ ۔ (16) 864 انچ (17) 220 گز لمبا 330 گز چوڑا ۔ (18) 71 ٹکڑے (19) 110 قلی ۔

مشق نمبر 12

(1) 26 گز 1 فٹ (2) 1318 گز 7 انچ (3) 501 گز 1 فٹ 3 انچ (4) 16 فرلانگ 86 گز 2 فٹ (5) 8 میل 2 فرلانگ 22 گز (6) 7 میل 920 گز 2 فٹ

مشق نمبر 13

(1) 8 گز 11 انچ (2) 1 گز 1 فٹ 11 انچ (3) 15 گز 8 گرہ (4) 9 گز 9 انچ (5) 28 گز 1 فٹ 10 انچ (6) 1 فرلانگ 176 گز 2 فٹ (7) 7 گز 2 بالشت 3 گرہ (8) 99 گز 1 فٹ 10 انچ ۔

مشق نمبر 14

(1) 18 فٹ 9 انچ (2) 274 میل 610 گز (3) 126 گز 2 فٹ
(4) 95 گز 2 فٹ (5) 388 گز 2 فٹ 3 انچ (6) 1235 گز
1 فٹ 8 انچ (7) 2008 گز 2 بالشت (8) 261 فرلانگ 75
گز 1 فٹ (9) 144 میل 2 فرلانگ 208 گز

مشق نمبر 15

(1) 7 ٹکڑے (2) 7 میل 397 گز (3) 9 قمیضیں (4) 10 بلر
(5) 1 گز 1 فٹ 6 انچ باقی 11 انچ (6) 2 گز 1 فٹ 6 انچ باقی 21 انچ
(7) 10 گز 1 فٹ باقی 63 فٹ

مشق نمبر 16

(1) 332 سیکنڈ (2) 9434 سیکنڈ (3) 4697 منٹ
(4) 447 گھنٹے (5) 44 مہینے (6) 782 دن (7) 31 گھنٹہ
منٹ 18 سیکنڈ (8) 1 دن 10 گھنٹے 17 منٹ 36 سیکنڈ۔
(9) ایک دن 9 گھنٹے 20 منٹ (10) 9 ہفتے - 14 ہفتے 5
دن (11) 8 سال 4 مہینے (12) 24 دن (13) 158 دن

(14) 230 دن (15) ایک سال 4 مہینے 20 دن - 2 سال 8 مہینے 26 دن (16) سنہ 1948ء - سنہ 1916ء، سنہ 1900ء، سنہ 1944ء -

(17) 82 دن (18) ساڑھے چار گھنٹے -

مشق نمبر 18

(1) 6 گھنٹے (2) 8 سال 6 مہینے (3) 6 مہینے (4) 33 سال 8 مہینے (5) 176 گز (6) 45 گھنٹے (7) 4 سال 8 مہینے 22 دن (8) 23 سال 1 ماہ 10 دن (9) 18 گھنٹے 25 منٹ 52 سیکنڈ (10) 59 دن 16 گھنٹے 15 منٹ (11) 5 گھنٹے 6 منٹ 41 سیکنڈ (12) 6 سال 9 مہینے 17 دن (13) 3 مہینے 22 دن 21 گھنٹے۔ (14) 316 گھنٹے 12 منٹ 48 سیکنڈ (15) 73 ہفتے

(16) 1 سال 2 مہینے 25 دن باقی تھا 4 دن (17) 11 میل فی گھنٹہ (18) 198 دن (21) 3 گھنٹے 40 منٹ (22) ساڑھے پانچ گھنٹے

(23) سوموار (24) ویروار -

مشق نمبر 20

(1) 108 پنسلیں (2) 144 انڈے - 18 روپے (3) 19 آنے - 108 آنے

(4) 144 تختے (5) 1296 زیب (6) 2700 ٹن (7) 3692 ٹن

(8) 2227 تختے (9) 694 سنگترے (10) 2 آنے (11) 22 روپے

8 آنے (12) 30 کاپیاں (13) 2 رم 18 دستے 23 تختے (14)

32 گرس 11 درجن 3 اکائی (15) 18 سینکڑے 19 اکائی (16) 6

رم 15 دستے 11 تختے۔ (17) 4 گرس 9 درجن 10 اکائی

آزمائشی پرچے

پرچہ نمبر 1

(2) 29 دن (3) 4 میل (4) 900 تختے (5) 9 گز 2 فٹ 3 انچ

پرچہ نمبر 2

(2) 4 من 9 سیر 2 چھٹانک 2 تولے۔ (3) 100 بنڈل (4) 8

سکاوٹ (5) 2 تولے 2 ماشے 1 رتی۔

پرچہ نمبر 3

(2) 14 قمیص باقی ایک گز 8 گرہ۔ (3) 6 گرتے (4) 366 دن

(5) 252 روپے 8 آنے۔

پرچہ نمبر 4

(1) ڈھائی سیر (2) ۱میل 4فرلانگ 17اگز 2فٹ 4 انچ

(3) 4من 22سیر 8 چھٹانک (5) ساڑھے سات روپے۔

سواگیارہ روپے۔

مشق نمبر 12 (الف)

(1) 16 آنے (2) 5 آنے (3) 12 روپے 14 آنے (4) 24 روپے

6 آنے (5) 67 روپے 8 آنے (6) 5 روپے 13 آنے 3 پیسے

(7) 5 روپیہ 6 آنے ۱پیسہ (8) 215 روپے ۱ آنہ (9) 19 سیر

8 چھٹانک (10) 18 روپے 12 آنے (11) 17 گز 8 گرہ (12) 11 روپے

4 آنے (13) 10 آنے۔ 7 روپے 8 آنے (14) 52 روپے 8 آنے (15) 4 سیر

مشق نمبر 12 (ب)

(1) 13 روپے (2) 922 روپے 8 آنے (3) 13 روپے 14 آنے (4)

7 روپے 14 آنے (5) 6 روپے 14 آنے (6) 9 روپے ۱ آنہ۔

مشق نمبر 22

(1) 10 آنے (2) 11 آنے ۱پیسہ (3) 2 روپے کُل سود، 8 آنے ماہوار

8 روپے 4 (5) آنے 14 روپے 2 (4) ۔ سُود روپیہ پیسہ ، سُود

روپے 5 (8) پیسہ 1 آنے 3 روپے 8 (7) پیسے 2 روپے 7 (6) آنے

روپے 8 (9) پیسے 2 آنے 12 روپے 79 زر کُل ۔ سُود پیسے 2 آنے 12

روپے 140 ۔ آنے 10 روپے 15 (10) آنے 7 روپے 98 ۔ آنے 7

۔ اٹکہ آنے 14 روپے 288 ۔ اٹکہ آنے 14 روپے 63 (11) آنے 10

روپے 75 (13) آنے 14 روپے 420 ۔ آنے 14 روپے 56 (12)

روپے 27 (15) روپے 375 ۔ روپے 75 (14) روپے 475

روپے 75 (16)

مشق نمبر 23

۔ چھٹانک 4 (3) گرہ 24 ۔ آنے 24 (2) انچ 18 ۔ 12 (1)

90 گھنٹے 36 (6) انڈے 18 (5) روپے 12 (4) چھٹانک 7

45 (9) سیر 22 (8) ماہ 18 ، دن 45 (7) ۔ سکینڈ 90 منٹ

11 - 14 - 7 - 10 - 8 - 5 (11) لڑکے 75 (10) زیور بال

روپے 150 (13) روپے ساٹھ ، ہیں روپے بائیس ساڑھے (12)

۔ روپے 1250 ۔ روپے 750 (14)

مشق نمبر 24

(1) 7۔ 12۔ 15۔ 20۔ 17۔ 25۔ 30۔ 37۔

(2) 2۔ 4۔ 3۔ 6۔ 7۔ 12۔ 9 (3) 10 آنے میں (4) ساڑھے بارہ گز (5) 22 آنے یا ایک روپیہ ساڑھے چھ آنے (6) 25 من (7) ساڑھے تینتیس روپے (8) 10 پاجامے (9) 10 گھنٹوں میں (10) 3 روپے

مشق نمبر 25

(1) 2، 3، 6 (2) ساڑھے سات روپے میں (3) پونے چار سیر (4) 15 روپے (5) پونے نو گھنٹے میں (6) ساڑھے سترہ سیر (7) 12، 16۔ 25 (8) 125، 225 روپے (9) 5، 12 (10) 16۔

مشق نمبر 26

(1) ایک روپیہ اور 12 آنے (2) 2 روپے اور 12 آنے (3) 3 روپے اور 12 آنے (4) تین سیر اور تین پاؤ (5) 2 سیر اور 3 پاؤ (6) 5 سیر اور 12 چھٹانک (7) ایک گھنٹہ اور 45 منٹ۔

(8) 4 گز اور ۱۲ گرہ (9) 3 سیر (10) ⅔، 3، ‎.4، ‎.7 (11) 6 سیر

(12) 3 پیسے۔ سات پیسے۔ تنتیس پیسے۔ (13) ساڑھے سات

آنے میں۔ سوا گیارہ آنے (14) 4-7۔ (15) سوا دو روپے

مشق نمبر 27

(1) ڈیڑھ چھٹانک (2) سات چھٹانک۔ اکیس چھٹانک (3) 2

چھٹانک۔ 6 چھٹانک (4) 8 آنے ڈھائی روپے (5) 14 آنے

2 4 آنے یا 2 روپے 10 آنے (6) ڈیڑھ چھٹانک۔ 6 چھٹانک

(7) ڈیڑھ روپیہ۔ سوا دو روپے (8) 2 روپے 3 آنے ملیں۔

(9) 5 آنے۔ ساڑھے سات آنے (10) 4 چھٹانک۔ 18 چھٹانک

مشق نمبر 28

(1) 9 چھٹانک۔ (2) 4 آنے۔ 7 آنے (3) 2 آنے (4) 3 آنے

(5) ساڑھے سات آنے۔ ڈیڑھ آنہ۔ (6) 15 گرہ (7) سوا

دو آنے۔ $15\frac{3}{4}$ یا پونے سولہ (8) 9 چھٹانک (9) 3 روپے ڈیڑھ

آنہ۔

مشق نمبر 29

(1) 4 روپے 6 آنے (2) 45 روپے (3) 108 روپے

(4) 268 روپے 12 آنے (5) 66 روپے 4 آنے (6) 243 روپے 12 آنے (7) 675 روپے (8) 2 روپے 2 پیسے (9) 11 روپے 4 آنے۔ 10 آنے (10) 16 روپے 8 آنے۔ 17 روپے 7 آنے 15 آنے۔

امتحانی پرچہ نمبر ا

(1) 4 آنے (2) 21 گز 10 گرہ (3) 9 روپے (4) 1848 درخت (5) 525940 منٹ (6) 64 روپے 11 آنے۔

امتحانی پرچہ نمبر 2

(1) 153 روپے (2) 455 روپے 12 آنے (3) 15 روپے 5 آنے۔ 459 روپے 6 آنے (4) ایک رم 16 دستے۔ (5) 7 گھنٹے 40 منٹ۔ (6) 5 میل 5 فرلانگ 178 گز

امتحانی پرچہ نمبر 3

(1) ساڑھے سات سیر (2) 1496 روپے (3) 343 من 5 سیر